صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان
ہفت روزہ
E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770
تجارت نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر
جلد 25 | شمارہ: 52 | 22 تا 28 دسمبر 2025ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

پورٹ قاسم دوبارہ پرب یورو کامیگا پروجیکٹ، چینی گروپ نے سرمایہ کاری کی پیشکش کردی

یہ حالیہ برسوں میں پاکستان کے سمندری شعبے میں تجویز کردہ سب سے بڑے غیر ملکی سرمایہ کاری منصوبوں میں سے ایک ہے، مجوزہ آئی ایم آئی سی 3 اہم مراحل پر مشتمل ہوگا

شینڈونگ زِنگسو گروپ ایک بڑی چینی ہائی ٹیک کمپنی ہے جو قابل تجدید توانائی، بیٹری بنانے کے آلات اور صنعتی منصوبوں میں سرگرم عمل ہے اور خاص طور پر پاکستان کے سمندری، معدنی اور صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے جانی جاتی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چینی شینڈونگ زِنگسو گروپ نے پاکستان کی اہم ترین بندرگاہوں میں سے ایک پورٹ قاسم پر اربوں یورو مالیت کے ایک مربوط سمندری اور صنعتی منصوبے کی پیشکش کی ہے، یہ حالیہ برسوں میں پاکستان کے سمندری شعبے میں تجویز کردہ سب سے بڑے غیر ملکی سرمایہ کاری منصوبوں میں سے ایک ہے۔ ذرائع کے مطابق شینڈونگ زِنگسو گروپ کے 5 رکنی وفد نے وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری سے ملاقات کی، جس میں پورٹ قاسم پر مجوزہ انٹیگریٹڈ میرین انڈسٹریل کمپلیکس (آئی ایم آئی سی) پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پورٹ قاسم میں جامع بحری صنعتی کمپلیکس کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کمپنی کے چیئرمین ہو جیان شن کی قیادت میں وفد نے اس منصوبے پر بات چیت کی جس کی لاگت ایک سے 2 ارب یورو کے درمیان ہے (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 01)

وفاقی حکومت اسپیکٹرم قیمتوں کے معاملے پر پیچیدہ صورتِ حال سے دوچار

قیمتیں کم رکھنے کی صورت میں سخت جانچ پڑتال اور ماضی کی نیلامیوں سے موازنہ کیے جانے کا اندیشہ لاحق ہے

600 میگا ہرٹز اسپیکٹرم غیر استعمال شدہ پڑا ہے جبکہ صرف 274 میگا ہرٹز اسپیکٹرم تقریباً 200 ملین صارفین کو سروس فراہم کر رہا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت اس وقت اسپیکٹرم کی قیمتوں کے معاملے پر ایک پیچیدہ صورتِ حال سے دوچار ہے، جہاں ایک طرف زیادہ ریزرو قیمتیں مقرر کرنے سے ٹیلی کام آپریٹرز کی نیلامی میں دلچسپی کم ہونے کا خدشہ ہے تو دوسری جانب قیمتیں کم رکھنے کی صورت میں سخت جانچ پڑتال اور ماضی کی نیلامیوں سے موازنہ کیے جانے کا اندیشہ لاحق ہے۔ یہی کشمکش فائیو جی اسپیکٹرم نیلامی کے عمل میں تاخیر کی ایک بڑی وجہ بن چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق اسپیکٹرم ایڈوائزری کمیٹی کے اجلاس میں فائیو جی اسپیکٹرم نیلامی کے حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہ ہوسکا۔ ذرائع کے مطابق اب حکومت کی جانب سے نیلامی کے لیے 2026 کی پہلی سہ ماہی کا ہدف رکھا جا رہا ہے۔ اجلاس کی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 03)

وزیراعظم شہباز شریف سے تاجکستان کی وزیر ثقافت ستاریون امان زادہ ملاقات کر رہی ہیں

انسدادِ منی لانڈرنگ قیمتی دھاتوں کے کاروبار کی نگرانی سخت کرنے کا فیصلہ

اسٹیٹ بینک نے تجارتی منی لانڈرنگ روکنے کے لیے نیا نگرانی کا نظام بھی نافذ کر دیا ہے

ایف بی آر، اسٹیٹ بینک اور فنانشل مانیٹرنگ یونٹ تجارتی منی لانڈرنگ کے معاشی اثرات کا جائزہ لے رہے ہیں، وزارت خزانہ ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے انسدادِ منی لانڈرنگ اور ٹیرر فنانسنگ کی انسداد کے لیے گولڈ سمیت قیمتی دھاتوں کے کاروبار کی نگرانی سخت کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اسٹیٹ بینک نے تجارتی منی لانڈرنگ روکنے کے لیے نیا نگرانی کا نظام بھی نافذ کر دیا ہے۔ وزارت خزانہ ذرائع کے مطابق منی لانڈرنگ اور ٹیرر فنانسنگ کے خلاف نظام مضبوط بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور اس مقصد کے لیے گولڈ سمیت قیمتی دھاتوں کے کاروبار کی نگرانی مزید سخت کی جائے گی۔ جبکہ رئیل اسٹیٹ ایجنٹس، ڈیلرز اور اس کاروبار سے وابستہ افراد کی مانیٹرنگ ہوگی۔ منی لانڈرنگ اور ٹیرر فنانسنگ کی روک تھام کے لیے تمام نان فنانشل بزنسز اینڈ پروفیشنلز کی مؤثر نگرانی ہوگی۔ آئی ایم ایف کے مطابق پاکستان (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 02)

ایمیگریشن نظام کی بہتری کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے

وزیر اعظم

حکومت برآمدات میں اضافے کی خاطر کاروباری افراد اور برآمد کنندگان کو ہر ممکن سہولیات پہنچانے کے لئے کوشاں ہے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کے فروغ کے لئے ترجیحی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا تاکہ برآمدات کے شعبے میں وسعت کے ساتھ ساتھ روزگار کے مواقع بھی بڑھیں

وزیراعظم نے وفاقی وزراء برائے تجارت، صنعت و پیداوار اور قومی غذائی تحفظ کو مختلف صنعتی و تجارتی شہروں میں برآمد کنندگان کے پاس خود جانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کولڈ چین اور صنعت و تجارت سے منسلک دیگر شعبوں کے فروغ کے لئے صوبوں سے روابط مزید بہتر بنائے جائیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کیلئے برآمدات میں اضافہ ضروری ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملکی برآمدات پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیراعظم کو مالی سال 2025-2026 کی اب تک کی برآمدات و درآمدات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ رانا تنویر حسین، وزیر مملکت برائے خزانہ وریلوے بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے مشیر بارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم نے کہا کہ حکومت برآمدات میں اضافے کی خاطر کاروباری افراد اور برآمد کنندگان کو ہر ممکن سہولیات (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 04)

پاکستان اور ایران نے سرمایہ کاری اور تجارتی روابط میں ایک اہم سنگ میل عبور کرلیا

پاک ایران دوطرفہ تجارت کو 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کا خطیر ہدف مقرر کیا گیا ہے

دونوں ممالک نے مشترکہ تجارتی کمیٹی کے قیام اور تجارتی حجم میں اضافہ پر اتفاق کرلیا

کراچی (کامرس رپورٹر) اطلاعات کے مطابق فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عاطف اکرام شیخ اور ایرانی قونصل جنرل اکبر عیسیٰ زادہ کے درمیان اہم ملاقات ہوئی جس میں پاک ایران دوطرفہ تجارت کو 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کا خطیر ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ دونوں ممالک نے مشترکہ تجارتی کمیٹی کے قیام اور تجارتی حجم میں اضافہ پر اتفاق کرلیا (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 05)

پی آئی اے کی نجکاری کے معاملے میں اہم پیشرفت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) لکی سیمنٹ کے بورڈ نے پی آئی اے کی خریداری کے لیے بولی دینے کی منظوری دے دی۔ پی آئی اے کی نجکاری اور بولی ممکنہ طور پر 3 دن بعد ہوگی جب کہ لکی سیمنٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس ہوا، لکی سیمنٹ کے بورڈ نے پی آئی اے کی خریداری کے لیے بولی دینے کی منظوری دے (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 06)

پاکستان کے پہلے پانڈا بانڈ کے لیے 250 ملین ڈالرز کا ہدف مقرر کردیا گیا

سرمایہ کاروں کا رجحان مضبوط ہے اور مختلف النوع سرمایہ کاروں کی جانب سے وسیع دلچسپی کے ساتھ ابتدائی طور پر حوصلہ افزا فیڈ بیک سامنے آیا

دستاویزی امور اور ضمانتوں کے انتظامات مکمل ہیں جبکہ سرمایہ کاروں کے ساتھ روابط طے شدہ منصوبے کے مطابق آگے بڑھ رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے پہلے پانڈا بانڈ کے اجرا کی جانب تیزی سے پیش رفت کر رہا ہے، جس کے تحت مجموعی ایک ارب ڈالر کے پروگرام میں سے ابتدائی طور پر 250 ملین ڈالر اکٹھا کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق وزیر خزانہ نے فنانس ڈویژن میں پاکستان کے پہلے پانڈا بانڈ کے اجرا سے (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 07)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جاکر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
SUBSCRIBE NOW
TIJARAT NEWS
YouTube
info@tijaratnews.tv 0313-1176161

ایف آئی اے 66 ہزار پاکستانی مسافر آف لوڈ کرنے کا اعتراف

یہ پاکستانی مختلف ویزوں پر بیرون ملک جا رہے تھے اور فی کس لاکھوں روپے مالیت کے ٹکٹ بھی خرید چکے تھے تاہم انہیں امیگریشن کے عملے نے سفر کی اجازت نہیں دی

رواں برس 24 ہزار افراد کبھوڈیا گئے تاہم 12 ہزار افراد تاحال واپس نہیں آئے جبکہ برما میں سیاحتی ویزے پر چار افراد گئے، جن میں سے اڑھائی ہزار واپس نہیں آئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کو دی جانے والی بریفنگ میں ڈی جی، ایف آئی اے رابعہ رفعت نے پاکستان کے مختلف ہوائی اڈوں سے 66 ہزار مسافروں کو آف لوڈ کرنے کا اعتراف کرلیا ہے۔ واضح رہے کہ یہ پاکستانی مختلف ویزوں پر بیرون ملک جا رہے تھے اور فی کس لاکھوں روپے مالیت کے ٹکٹ بھی خرید چکے تھے تاہم انہیں امیگریشن کے عملے نے سفر کی اجازت نہیں دی۔ ڈی جی، ایف آئی اے کے مطابق آف لوڈنگ کا فیصلہ دستاویزات، ڈیٹا اور آن لائن ویریفکیشن کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ ان کے مطابق آف لوڈ ہونے والے مسافروں کے پاس کورس، یونیورسٹی یا ملازمت سے (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 09)

بیرون ملک مقیم 12 ملین پاکستانی قیمتی اثاثہ ہیں

وزیر اعظم

سالانہ 38 بلین ڈالر سے زائد کی ترسیلاتِ زر نہ صرف پاکستان کی معیشت کو سہارا دیتی ہیں بلکہ ملک بھر میں لاکھوں خاندانوں کے معاش کو بھی مستحکم بناتی ہیں

عالمی یوم مہاجرین کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے اس امر پر زور دیا کہ اوورسیز پاکستانی ملک کی ثقافت اور صلاحیتوں کے سفیر کے طور پر اہم کردار ادا کر رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے بیرون ملک مقیم 12 ملین پاکستانیوں کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں قوم کا قیمتی اثاثہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سالانہ 38 بلین ڈالر سے زائد کی ترسیلاتِ زر نہ صرف پاکستان کی معیشت کو سہارا دیتی ہیں بلکہ ملک بھر میں لاکھوں خاندانوں کے معاش کو بھی مستحکم بناتی ہیں۔ 18 دسمبر کو دنیا بھر میں منائے جانے والے عالمی یوم مہاجرین کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے اس امر پر زور دیا کہ اوورسیز پاکستانی ملک کی ثقافت اور صلاحیتوں کے سفیر کے طور پر اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مالی ترسیلات کے علاوہ ان مہاجرین کی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 08)

پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان خوردنی تیل کے شعبے میں تعاون ناگزیر ہے، انڈونیشی سفیر

انڈونیشیا دنیا کا سب سے بڑا پام آئل پیدا کرنے والا ملک ہے اور پاکستان اس کا ایک بڑا خریدار ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) کراچی میں تعینات انڈونیشیا کے قونصل جنرل مذاکر ایم اے (M.A Mudzakir,) نے کہا ہے کہ پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان بالخصوص خوردنی تیل کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ مضبوط (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 10)

یورپی یونین کے آنے والے آڈٹ مشن کے لیے فشریز ڈیپارٹمنٹ کو تیاری مکمل کرنے کی ہدایت

ایکسپورٹ سے تقریباً 400 ملین ڈالر کی غیر ملکی آمدنی کا امکان ہے، محمد علی ملکانی

کراچی (کامرس رپورٹر) یورپی یونین کے آنے والے آڈٹ مشن کے لیے ہمیں اپنی تیاری مکمل کرنی ہوگی، ماہی گیری سے متعلق تمام اداروں کو مکمل تعاون کے ساتھ تیاری کرنی ہوگی۔ ملک کا نام غیر ملکی آمدنی سمیت روشن کرنے کے لیے ہمیں دن رات محنت کرنی ہوگی، اور اگر کوئی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 11)

پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 19 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

مالی سال 2025-26 کے دوران پانچ ماہ کی آئی ٹی برآمدات کا حجم 1.8 ارب ڈالر رہا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال 2025-26 کے ابتدائی 5 ماہ (جولائی تا نومبر) کے دوران پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 19 فیصد کی نمایاں دوعددی شرح سے اضافہ ریکارڈ (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 12)

حکومت سندھ کا کورنگی صنعتی زون کیلئے 2 ارب کے فنڈز کی منظوری خوش آئند ہے

وزیر اعلیٰ سندھ نے دیرینہ مطالبہ پورا کیا ماضی کی طرح شفاف اور کامیاب منصوبے ہوں گے، پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کا فروغ ناگزیر، صدر کاٹی

کراچی (کامرس رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر محمد اکرام راجپوت نے کراچی کے صنعتی علاقوں کے بنیادی انفرا اسٹرکچر کی بحالی کے لیے سندھ حکومت کی جانب سے مجموعی طور پر 9 ارب 28 کروڑ 20 لاکھ روپے اور کورنگی صنعتی علاقے (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 13)

وزیر اعظم نے ہوائی اڈوں پر مسافروں کو بلاوجہ اتارنے کے عمل کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کرلیا

یہ اقدام وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) کے اکثر غیر پیشہ ورانہ رویے کے بعد سامنے آیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ہوائی اڈوں پر مسافروں کو بلاوجہ اتارنے کے عمل کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کیا ہے، خاص طور پر ایسے مسافروں کے لیے جن کے پاس درست ویزا اور سفری دستاویزات موجود ہیں اور جو زیادہ تر بیرون ملک کام کے لیے (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 20)

ایف آئی اے انکوائریوں و FIR میں نامزد ڈائریکٹر کوئٹہ ترقی کے لیے سندھ ہائیکورٹ پہنچ گیا

گریڈ 18 میں ہونے کے باوجود گریڈ 19 کے ڈائریکٹر کورنٹائن کے عہدے پر طویل عرصے سے براجمان ڈاکٹر عبدالباسط کا محکمہ جاتی ریکارڈ کرپشن اور لوٹ مار کی حیرت انگیز داستان ہے

ذرائع کے مطابق سابق ڈائریکٹر جنرل ڈی پی پی طاہر عباس اور ڈائریکٹر کورنٹائن عبدالباسط سمیت دیگر افسران پر مشتمل ایک منظم اور مخصوص مافیا اسمگلروں کے آلہ کار کے طور پر کام کرتا رہا

کراچی (کامرس رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ کے سخت ترین احکامات کو نظر انداز کرنے والے ڈائریکٹر کورنٹائن ڈاکٹر عبدالباسط نے سندھ ہائی کورٹ میں آئینی درخواست دائر کردی۔ قابل ذکر بات تو یہ ہے کہ ایف ائی آر کے متعدد انکوائریوں اور ایف آئی آر میں نامزد اور گریڈ 18 میں ہونے کے باوجود غیر قانونی طور پر ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن میں گریڈ 19 پر بطور ڈائریکٹر کورنٹائن (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 14)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار دفتر خارجہ میں ہنگامی میڈیا بریفنگ سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف حلال گوشت کی برآمدی پالیسی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چمن کے تاجروں کی وزیر تجارت سے ملاقات، سرحدی بندش پر تحفظات کا اظہار

جام کمال نے چمن ڈسٹرکٹ کے رہنماؤں، تاجروں، اور کمیونٹی نمائندوں بشمول چمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح مشاورتی اجلاس منعقد کیا

پاک افغان سرحدی گزرگاہ کی بار بار اور طویل بندش سے پیدا ہونے والے چیلنجز پر توجہ مرکوز کی گئی، اسٹیک ہولڈرز نے ان بندشوں کے شدید سماجی و معاشی اثرات پر روشنی ڈالی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) چمن کے تاجروں اور کاروباری رہنماؤں نے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ملاقات کے دوران پاک افغان سرحد کی بار بار بندش کے معاشی اثرات پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے چمن ڈسٹرکٹ کے رہنماؤں، تاجروں، (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 21)

حکومت نے کابینہ کی ایک کمیٹی کے ذریعے 200 ارب روپے کی بجلی سبسڈی کی منظوری دے دی

اس اقدام کا مقصد آئی ایم ایف کے ساتھ طے شدہ حدود میں قرضے کے بہاؤ کو برقرار رکھنا ہے

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) حکومت نے آئندہ 6 ماہ کے دوران سرکلر ڈیٹ میں 491 ارب روپے کے تشویشناک اضافے کے خدشے کے پیش نظر کابینہ کی ایک کمیٹی کے ذریعے 200 ارب روپے کی بجلی سبسڈی کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق اس اقدام کا مقصد آئی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 22)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ بڑی صنعتی انجمنوں کے نمائندوں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایشین ڈیولپمنٹ بینک کی ڈائریکٹر جنرل اور وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور کے درمیان اہم ملاقات

اے ڈی بی کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فان کے علاوہ اقتصادی امور ڈویژن اور ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے سینئر حکام بھی موجود تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے سینٹرل ایشیا ڈیپارٹمنٹ کی ڈائریکٹر جنرل گوہیئر زنے وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ سے ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں اے ڈی بی کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فان کے علاوہ اقتصادی امور ڈویژن اور ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے سینئر حکام بھی موجود تھے۔ احد چیمہ (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 15)

پاکستان نے بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کردی

پاکستان نے 24 اپریل 2025 سے بھارتی طیاروں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر رکھی ہے اور اس کے بعد سے اس میں مسلسل اضافہ جاری ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے بھارت کے لیے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کردی۔ اس سلسلے میں پاکستان ایئر پورٹس اتھارٹی (پی اے اے) نے نیا نوٹم جاری کردیا ہے۔ نوٹس ٹو ایئر مین (نوٹم) کے مطابق پاکستان نے بھارتی رجسٹرڈ طیاروں کے لئے اپنی فضائی حدود استعمال کرنے پر پابندی میں توسیع کردی ہے۔ بھارتی رجسٹرڈ (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 16)

مظفر آباد میں پی ایس ایل 11 کے میچز منعقد کرانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے

نئی ٹیموں کی نیلامی بھی آئندہ سال 8 جنوری کو اسلام آباد کنونشن سینٹر میں منعقد ہوگی، محسن نقوی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر کے مظفر آباد کرکٹ سٹیڈیم میں پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 کے میچز منعقد کرانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے جہاں مستقبل میں بین الاقوامی میچز بھی کھیلے جائیں گے۔ پی سی بی ذرائع کے مطابق چیئرمین محسن نقوی نے ویڈیو لنک کے ذریعے پی سی بی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 17)

وزارت خزانہ نے وفاقی ملازمین کے ہیلتھ الاؤنس کو محدود کردیا

اہل افراد کی فہرست میں طبی اور ڈینٹل ڈاکٹرز، معاون ماہرین، فارماسسٹ، نرسیں، پیرامیڈکس اور دیگر معاون عملہ شامل ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت خزانہ نے وفاقی ملازمین کو ہیلتھ الاؤنس کی منظوری کے لیے اہلیت کے معیار میں نئی ترمیم کرتے ہوئے اسے صرف ان افراد تک محدود کر دیا ہے جو براہ راست مریضوں کی دیکھ بھال میں مصروف ہیں۔ یہ فیصلہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے حالیہ حکم کے مطابق کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ ترمیم فروری 2012 کے سابقہ (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 18)

نادرا شناخت کے بغیر ماہی گیروں کو لائسنس جاری نہیں ہوں گے

اس اقدام سے سمندری پٹی میں شکار کے بہانے اسمگلنگ اور دیگر جرائم کی روک تھام ممکن ہو سکے گی

کسی ماہی گیر کو غیر قانونی جال استعمال کرتے ہوئے پایا گیا تو اس پر جرمانے کے ساتھ قید کی سزا بھی عائد کی جاسکتی ہے، محمد علی ملکانی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ حکومت نے نادرا کی شناخت کے بغیر مچھلی کا شکار کرنے والے ماہی گیروں کی رجسٹریشن، لائسنس کے اجرا اور شکاری لانچوں کی رجسٹریشن نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و فشریز محمد علی ملکانی کی صدارت میں ہونے والے ایک اہم اجلاس میں کیا گیا، جس میں (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 19)

متحدہ عرب امارات میں شدید بارشوں کے باعث دبئی میں شہری نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد سڑک پر جمع پانی سے گزر رہے ہیں

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ ایڈیٹر: محمد صغیر

E-MAIL:info@tigaratnews.tv 0307-0610770 فون- جلد نمبر 25 (شمارہ نمبر 52) 22 تا 28 دسمبر 2025ء

اسموگ کے مُضر اثرات سے کیسے بچا جائے؟

اللہ تعالیٰ نے جس کائنات کی تخلیق کی وہ بے حد وسیع، خوبصورت، حسین وجمیل، صفاف وشفاف اور اجلی ہے۔لیکن انسان اپنی نت نئی ایجادات اور مصنوعات کے ذریعے اس کائنات کو آلودہ اور تباہ کر رہا ہے۔ یہ آلودگی درحقیقت زہر ہے جو انسانی صحت اور زندگی کو برباد کر رہی ہے۔اس وقت جو چیزیں کائنات کو آلودہ اور انسانی صحت کو تباہ کر رہی ہیں ان میں سرفہرست اسموگ ہے۔اسموگ بنیادی طور پر ایسی فضائی آلودگی ہے جو انسانی آنکھ، دماغ اور جسم کو بُری طرح سے متاثر کرتی ہے، اسموگ کو زمینی ''اوزون'' بھی کہا جاتا ہے، یہ ایک ایسی بھاری اور سرمئی دھند کی تہہ کی مانند ہوتی ہے جو ہوا میں جم جاتی ہے۔اسموگ میں موجود دھوئیں اور دھند کے اس مرکب یا آمیزے میں کاربن مونو آکسائیڈ، نائٹروجن آکسائیڈ، میتھین جیسے مختلف زہریلے کیمیائی مادے بھی شامل ہوتے ہیں۔ پھر فضا میں موجود ہوائی آلودگی اور بخارات کا سورج کی روشنی میں دھند کے ساتھ ملنا اسموگ کی وجہ بنتا ہے۔جو چیزیں اسموگ کے بننے اور پھیلنے پھولنے کا سبب بنتی ہیں ان میں بارشوں میں کمی، فصلوں کا جلایا جانا، کارخانوں گاڑیوں کا دھواں، درختوں کا بے تحاشا کٹاؤ اور قدرتی ماحول میں بگاڑ شامل ہے۔سب سے پہلے ہمیں دھند اور اسموگ میں فرق معلوم ہونا چاہئے، کیونکہ اسموگ کی موجودگی اور اس کے مضر اثرات کے بارے میں جاننے کے بعد ہی ہم اپنے آپ کو اس سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔دھند اور اسموگ میں بظاہر کوئی فرق معلوم نہیں ہوتا لیکن دھند اور اسموگ کی نوعیتیں اور کیفیتیں مختلف ہیں۔ہوتا یہ ہے کہ جب ہوا میں موجود بخارات کم درجہ حرارت کی وجہ سے کثیف ہو جاتے ہیں تو یہ ماحول میں سفیدی مائل ایک موٹی تہہ بنا دیتے ہیں جسے دھند کہا جاتا ہے، اسی دھند میں دھواں اور مختلف زہریلے کیمیائی مادے شامل ہو جائیں تو یہ دھند مزید گہری اور کثیف ہو جاتی ہے جسے اسموگ کہا جاتا ہے۔ایک اندازے کے مطابق پاکستان میں ہر سال تقریباً ایک لاکھ سے زیادہ افراد فضائی آلودگی کے باعث اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں، دراصل اسموگ میں بنیادی طور پر ایک زہریلا مادہ موجود ہوتا ہے جو پرٹیکولیٹ مادہ 2.5 کہلاتا ہے اور یہ پی ایم 2.5 ایک انسانی بال سے تقریباً چار گنا باریک ہوتا ہے۔ یہ مادہ ہوا کے ذریعے انسانی پھیپھڑوں میں باآسانی داخل ہو کر پھیپھڑوں کی مختلف بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔یہ اس قدر خطرناک ہوتا ہے کہ پھیپھڑوں کے کینسر کا باعث بھی بن سکتا ہے۔اسموگ سے بچاؤ کے دو طریقے ہیں۔ایک طریقہ وہ ہے جو ہر انسان اپنے طور پر اختیار کر سکتا ہے۔یعنی مناسب حفاظتی لباس پہنا جائے۔اس کا مطلب ہے کہ جب آپ باہر جائیں تو ماسک پہنیں یا دوسرے آلات استعمال کریں جو آپ کو نقصان دہ ذرات سے پھیلنے والی آلودگی سے بچاتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ جس قدر ممکن ہو اسموگ کے اثرات سے بچا جائے تاہم اگر آپ کی رہائش زیادہ آلودگی والے علاقے میں ہے تو پھر ضروری ہے کہ اپنی صحت کی حفاظت کیلئے دوسرے طریقے بھی اختیار کریں۔یعنی دل کے مریض گھروں میں رہ کر اسٹیم لیں، ٹھنڈے مشروبات اور کھانے پینے کی کھٹی ترش اشیا سے پرہیز کریں، اگر کسی کو دل یا پھیپھڑوں کا دائمی مسئلہ ہے، جیسے دمہ یا اس جیسی کوئی دیگر بیماری ہے تو پھر ڈاکٹر سے اپنے آپ کو فضائی آلودگی سے بچانے کے طریقوں کے بارے میں مشورہ کریں۔ایسی صورت میں ڈاکٹر آپ کو سانس لینے میں مدد کے لیے کوئی دوا تجویز کر سکتا ہے۔اگر کسی کے سینے میں جکڑن، آنکھوں میں جلن، یا کھانسی کی علامات ہیں تو ڈاکٹر سے ملیں، بچوں کو آلودگی کی بلند سطح کے اثرات بڑوں کی نسبت زیادہ محسوس ہوتے ہیں اس لئے بچوں کے لئے حفاظتی اقدامات کرنا بے حد ضروری ہے۔ماہرین کا مزید کہنا ہے کہ اسموگ سے بچاؤ کیلئے اپنے گھروں، دفاتر اور گاڑیوں کے شیشے بند رکھیں، جب تک آلودہ دھوئیں والا موسم ختم نہیں ہو جاتا تب تک کھلی فضا میں جانے سے گریز کریں، خاص کر سانس کی تکلیف میں مبتلا افراد ایسے موسم میں ہرگز باہر نہ نکلیں، ایسے موسم میں جسمانی ورزش کرنے سے بھی گریز کیا جائے اور اپنی گاڑیوں کو کھڑے رکھنے کی پوزیشن کے دوران انجن کو چلتا مت چھوڑیں۔ماہرین کا کہنا ہے کہ اسموگ سے بچنے کے لئے جہاں حکومت کو آلودگی کے خاتمہ میں سنجیدگی اختیار کرنے کی ضرورت ہے وہاں ماحول دوست ایندھن کا استعمال نہایت ضروری ہو چکا ہے۔اس بارے میں ضروری ہے کہ حکومت دھواں چھوڑنے والی گاڑیاں بند کرے جو لوگ دھواں چھوڑنے والی گاڑیاں چلاتے ہیں ان کے خلاف سخت تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے جبکہ ہم سے ہر شخص خود بھی ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی مرمت کروائے تاکہ فضا میں آلودگی نہ پھیلے۔

ماہرین فلکیات نے لیموں کی شکل کا سیارہ دریافت کر لیا

ماہرین فلکیات نے ناسا کی جیمز ویب اسپیس ٹیلی اسکوپ کی مدد سے ایک ستاروی نظام میں لیموں کی شکل کا انوکھا سیارہ دریافت کر لیا۔سائنس دانوں کے مطابق یہ سیارہ اتنا عجیب ہے کہ یہ ستاروں اور سیاروں کے درمیان فرق دھندلا کر سکتا ہے۔رواں ہفتے 'دی آسٹرو فزیکل جرنل لیٹرز' میں شائع ہونے والی اس تحقیق میں پیش کی گئی دریافت کو یونیورسٹی اف شیکاگو کے سائنس دانوں نے PSR 2650b-J2322 کا نام دیا۔ یہ سیارہ اپنے مرکزی سیارے سے 10 لاکھ میل کے فاصلے پر گھومتا ہے (زمین اور سورج کے درمیان فاصلے سے تقریباً 100 گنا کم) اور اس کا ایک سال 7.8 گھنٹے کا ہے۔لیموں نما سیارے کا مرکزی ستارہ ایک پلسر

ہے (تیزی سے گھومنے والا نیوٹرون ستارہ جس کی شدید کشش ثقل وجہ سے سیارے کی شکل بیضوی ہوگئی ہے)۔صرف یہی نہیں بلکہ اس عجیب وغریب سیارے کا اسٹماسفیئر میں ہیلیئم اور کاربن بھاری مقدار میں ہے اور بہت تیز ہوائیں چل رہی ہیں۔

لندن کی عدالت نے پاکستانی نوجوان کی بہادری پر بڑا انعام دے دیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) لندن میں برطانوی عدالت نے ایک 11 سالہ بچی کی جان بچانے پر پاکستانی نوجوان عبداللہ تنولی کی بہادری کو سراہتے ہوئے اسے نقد انعام دینے کا حکم دے دیا تنولی کی جرات اور فوری اقدام کی تعریف کرتے ہوئے عوامی فنڈز سے ایک ہزار پاؤنڈ انعام دینے کا حکم دیا۔جج نے حملہ آور پون پنٹارو کو ہائی سکیورٹی مینٹل ہسپتال میں منتقل کرنے کا بھی حکم دیا۔رپورٹ

کے مطابق عبداللہ نے بچی کی چیخیں سن کر فوری مداخلت کی اور دیگر سکیورٹی گارڈز کی مدد سے حملہ آور کو پولیس کے پہنچنے تک قابو میں رکھا۔واقعے کے بعد عبداللہ تنولی کو برطانیہ میں ایک ہیرو کے طور پر سراہا جا رہا ہے اور انہیں مختلف اعزازات سے بھی نوازا جا چکا ہے۔ یہ واقعہ گزشتہ سال اگست میں پیش آیا تھا، جب عبداللہ تنولی نے لیسٹر اسکوائر میں ایک دکان پر بطور سکیورٹی گارڈ ڈیوٹی کے دوران چاقو سے مسلح حملہ آور سے ایک 11 سالہ بچی کو بچایا۔عدالت نے سماعت کے دوران عبداللہ

امریکا: چھاپے گئے آخری تین سینٹ آٹھ لاکھ ڈالر میں نیلام

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) گزشتہ ماہ نومبر میں امریکی حکومت کی جانب سے بند کی گئی سِکّوں کی پیداوار کے بعد چھاپے گئے آخری سِکّے لاکھوں ڈالر میں نیلام کر دیے گئے۔امریکی منٹ (محکمہ



خزانہ کا ایک بیورو) نے اسپیکس ہاورز گیلریز میں جمعرات کو ہونے والے آکشن میں 232 تین سینٹ کے سیٹ 1 کروڑ 67 لاکھ 60 ہزار ڈالر میں فروخت کیے گئے۔232 واں سیٹ (جس میں چھاپے گئے آخری تین سینٹ تھے) آٹھ لاکھ ڈالر کی خطیر رقم میں نیلام ہوئے۔ سکے خریدنے والے کو تین ڈائیز بھی دی گئیں جن سے یہ سِکّے چھاپے گئے تھے۔

امریکا: 36 برس بعد کتاب کی یونان سے واپسی

ورجینیا (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ایک لائبریری کو 36 سال بعد کتاب لوٹا دی گئی۔ یہ کتاب تین دہائیوں سے زیادہ عرصہ بعد یونان سے واپس بھجوائی گئی۔امریکی ریاست ورجینیا کے ڈی سی میں رہنے والے سفارت کاروں نے لائبریری سے نکلوایا تھا۔انہوں نے کہا کہ وہ سفارت کار اب یونان میں ریٹائر ہو چکے ہیں اور ان کو یہ کتاب اپنے والدین کے شیلف پر ملی۔ یہ



کتاب دنیا بھر میں گھومی اور جیسا کہ دیکھا جا سکتا ہے کہ اس کا بہت خیال رکھا گیا۔اور اب واپس اس کو اپنے گھر بھیجا جا رہا ہے۔لائبریری نے پوسٹ میں ڈینٹری کے والدین کا کتاب کی دیکھ بھال کرنے اور ڈینٹری کا اس کو واپس لائبریری پہنچانے پر شکریہ ادا کیا۔

فیئر فیلس کاؤنٹی لائبریری سسٹم نے فیس بک پر کتاب کے لوٹائے جانے سے متعلق پوسٹ کی۔فیس بک پوسٹ میں لائبریری نے کتاب نکلوانے والے سفارتکاروں کے بیٹے ڈینٹری کا نوٹ بھی پیش کیا۔نوٹ میں ان کے بیٹے ڈینٹری کا کہنا تھا کہ 'میری دی ڈرٹی ڈاگ' کو 6 نومبر 1989 کو

کھیت میں کام کرنے والے دو دوستوں کو خطیر مالیت کا ہیرا مل گیا

مدھیہ پردیش (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں بچپن کے دو دوستوں کو کھیت میں کام کے دوران ہیرا مل گیا۔مدھیہ پردیش کے ضلع پنا میں 24 سالہ ستیش کھاتک اور 23 سالہ ساجد محمد کو لیز پر حاصل کیے

گئے کھیت میں کام کے دوران 15.3 قیراط کا ہیرا ملا۔پنا ڈائمنڈ آفس کی جانچ میں تصدیق ہوئی کہ یہ ہیرا اصلی ہے جس کی مارکیٹ ویلیو 50 سے 60 لاکھ بھارتی روپے (تقریباً 1.8 کروڑ پاکستانی روپے) بتائی گئی ہے۔یہ ہیرا جلد حکومتی نیلامی کے ذریعے فروخت کیا جائے گا، جس میں دریافت کنندگان کو 88 فیصد رقم ملے گی اور 12 فیصد حکومت کے پاس جائے گی۔ضلع میں ہر تین ماہ بعد حکومتی نگرانی میں ہیرے کی نیلامی ہوتی ہے۔ستیش اور ساجد دونوں غریب خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں، ایک قصائی اور دوسرا پھل فروخت کرتا ہے، اور وہ اس رقم کو زندگی بہتر بنانے کے لیے استعمال کریں گے، انہوں نے کہا کہ ابھی ان کی ترجیح اپنی بہنوں کی شادی ہے نہ کہ زمین خریدنا یا کاروبار بڑھانا۔واضح رہے کہ مدھیہ پردیش کا ضلع پنا ایک مشہور ڈائمنڈ بیلٹ ہے جہاں ماضی میں بھی ہیرے دریافت ہوتے آئے ہیں جس کی وجہ سے یہ علاقہ ہیرے کی تلاش کے لیے مشہور ہے۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	281.55 PKR	281.65 PKR
Euro	EUR	326.15 PKR	329.65 PKR
British Pound	GBP	372.50 PKR	376.00 PKR
UAE Dirham	AED	76.60 PKR	77.35 PKR
Saudi Riyal	SAR	74.95 PKR	75.55 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	911.00 PKR	921.00 PKR
Canadian Dollar	CAD	199.00 PKR	204.00 PKR
Australian			186.00 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.55 PKR	77.25 PKR
Bahrain Dinar	BHD	744.50 PKR	754.25 PKR
Omani Riyal	OMR	729.25 PKR	739.25 PKR
Japanese Yen	JPY	1.78 PKR	1.88 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.50 PKR	67.10 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.55 PKR	77.25 PKR
Bahrain Dinar	BHD	744.50 PKR	754.25 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.25 PKR	39.65 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.85 PKR	36.10 PKR
Danish Krone	DKK	43.15 PKR	43.55 PKR
New Zealand Dollar	NZD	156.15 PKR	158.15 PKR
Singapore Dollar	SGD	215.15 PKR	220.15 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.30 PKR	27.60 PKR
Swedish Krona	SEK	29.10 PKR	29.40 PKR
Swiss Franc	CHF	346.10 PKR	348.85 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 443,500	Rs. 380,240
22k	Rs. 406,541	Rs. 348,551
21k	Rs. 388,065	Rs. 332,711
20k	Rs. 369,681	Rs. 316,949
18k	Rs. 332,627	Rs. 285,180
14k	Rs. 258,719	Rs. 221,815
12k	Rs. 258,719	Rs. 190,120

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Karachi	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Lahore	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Islamabad	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Rawalpindi	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Peshawar	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Quetta	Rs. 4,830	Rs. 5,628

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 265.45 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 284.44 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.91 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	SSGC 39.47 ^ 3.59	BOP 33.96 ^ 0.63	KEL 5.55 ^ 0.04	PPL 210.52 ^ 5.1	HUMNL		
KSE ALL SHARE	SSGC 39.47 ^ 3.59	BOP 33.96 ^ 0.63	WTL 1.82 v -0.04	KEL 5.55 ^ 0.04	PPL 210.52		
KSE 30	No Data Found.						
KMI30	No Data Found.						
ALL SHARE ISLAMIC	SSGC 39.47 ^ 3.59	KEL 5.55 ^ 0.04	PPL 210.52 ^ 5.1	PAEL 53.09 ^ 0.91	PIBTL		
BATI	BOP 33.96 ^ 0.63	NBP 215.17 v -1.23	HBL 309.01 ^ 3.05	MEBL 444.86 ^ 4.07	BAFL		
OGTI	PPL 210.52 ^ 5.1	OGDC 265.21 ^ 4.92	MARI 704.44 v -1.92				

چین: ہوٹل میں طویل قیام، صارف نے گندگی کا ڈھیر لگا دیا

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین میں ایک شخص نے ہوٹل میں قیام کے دوران کمرے میں گندگی کا ڈھیر لگا دیا۔ بے حس شخص کے کمرہ چھوڑنے کے بعد ہوٹل اسٹاف نے کمرے کو تین فٹ گہرے کچرے کے ڈھیر میں پایا۔ فیئر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق عملے کے سامنے غلاظت سے بھرپور یہ حقیقت تب کھلی جب مبینہ آن لائن گیمنگ کے نشے میں مبتلا شخص نے دو سال کے طویل عرصے بعد ہوٹل کا کمرہ چھوڑا۔وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ کمرے

کے ہر کونے میں کھانے کے گندے ریپر، مشروبات کی خالی بوتلیں اور کچھ کھانے سے بھرے برتن پڑے ہوئے ہیں اور یہ ڈھیر تقریباً تین فٹ اونچا ہے۔

برطانیہ: 42 گھنٹوں تک کرسمس گانوں کا میراتھون

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ میں ایک سینڈوچ کی دکان کے مالک نے لگاتار 42 گھنٹوں تک کرسمس کے گانے گنگنا کر گنیز ورلڈ ریکارڈ پر نظریں جمالیں۔'مسٹر ٹوسٹی' نام سے پہچانے جانے والے برطانوی ڈیوپر چیز نے اپنی دکان اندر سے بند کی تاکہ وہ کرسمس کے گانوں کی طویل میراتھون کے ریکارڈ کے لیے کوشش کر سکیں۔اس سے قبل 2024 میں نائیجیریا میں 40 گھنٹے تک لگاتار کرسمس کے گانے گا کر ریکارڈ قائم کیا گیا تھا۔ڈیوپر چیز کے 38 گانوں میں 'جنگل بیلز' جیسے کلاسیکل سے لے کر ماریہ کیرے اور ویم کے کرسمس کے ماڈرن ہٹس موجود تھے۔انہوں نے دھنوں کو گھما پھرا کر گایا اور 684 گانے گا کر اپنی کوشش ختم کی۔

ایران کا ساحل ''خون کی طرح سرخ ہو گیا''

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے خلیجی ساحل پر واقع جزیرہ ہرمز حالیہ بارشوں کے بعد ایک بار پھر عالمی توجہ کا مرکز بن گیا ہے، جہاں ساحلی زمین اور سمندر کا کنارہ غیر معمولی طور پر سرخ دکھائی دینے لگا۔اس حیران کن منظر کو دیکھ کر سوشل میڈیا پر کئی افراد نے اسے ''خون کی بارش'' سے تعبیر کیا، تاہم ماہرین ماحولیات نے اس پراسرار کیفیت کے پیچھے موجود حقیقت واضح کر دی ہے۔ماہرین کے مطابق جزیرہ ہرمز کی سرخ رنگت کسی آلودگی یا خطرناک ماحولیاتی تبدیلی کا نتیجہ نہیں، بلکہ یہ ایک خالصتاً قدرتی عمل ہے۔اس جزیرے کی مٹی میں ہیماٹائٹ نامی معدنیات پائی جاتی ہیں، جو آئرن آکسائیڈ سے بھرپور ہوتی ہیں۔ جب بارش کا پانی اس مٹی سے گزرتا ہے تو آئرن آکسائیڈ کے ذرات پانی میں گھل کر ساحل اور سمندر کو گہرے سرخ رنگ میں بدل دیتے ہیں۔ہرمز کو ''رینبو آئی لینڈ'' بھی کہا جاتا ہے، کیونکہ یہاں صرف سرخ ہی نہیں بلکہ پیلے، سنہری اور نارنجی رنگوں کی زمین بھی موجود ہے۔یہ رنگ ہزاروں برسوں پر محیط قدرتی جغرافیائی سرگرمیوں کا نتیجہ ہیں، جو اس جزیرے کو دنیا کے منفرد قدرتی عجائبات میں شامل کرتے ہیں۔ماہرین کا کہنا ہے کہ حالیہ منظر اگرچہ دیکھنے میں چونکا دینے والا ہے، مگر یہ کسی ماحولیاتی خطرے کی علامت نہیں۔ درحقیقت یہی قدرتی رنگ اور معدنی ساخت جزیرہ ہرمز کو سائنسی تحقیق اور سیاحت دونوں کے لیے غیر معمولی اہمیت فراہم کرتی ہے۔

غریب نوجوان کی انسٹاگرام پر اپنی تخلیق پیش کر کے ماہانہ لاکھوں ڈالر کمائی

نیو یارک (مانیٹرنگ ڈیسک) مائیکل سیٹر لی نے اپنی تخلیق کو انسٹاگرام پر پیش کیا جس کی مقبولیت نے ایک کمپنی کھڑی کر دی، کبھی لان کی گھاس کاٹنے کے لیے مالا مال ہو جائیں گے۔ایسا ہی ایک کرشمہ امریکا کے 18 سالہ مائیکل سیٹر لی کے ساتھ پیش آیا جس نے ایک نہایت سادہ مگر تخلیقی خیال سے ایسی

کامیابی حاصل کی ہے جو ہزاروں نوجوانوں کے لیے نمونہ بن گئی۔اس کہانی کا آغاز انسٹاگرام کی ایک مختصر مگر غیر معمولی ویڈیو سے ہوا۔ ویڈیو میں مائیکل ایک خاص ہولڈر کے ذریعے ڈاکٹر پیپر کا کین پیتا نظر آتا ہے۔

بقیہ 1 — تجارت نیوز

تخمینہ لگائی گئی ہے اور جس کا مقصد پاکستان کے سمندری اور بھاری صنعتی شعبے کو دوبارہ متحرک کرنا ہے۔ مجوزہ آئی ایم آئی سی 3 اہم مراحل پر مشتمل ہوگا جس میں اسٹیل جیٹی کی بحالی، جہاز سازی اور جہاز توڑنے کی صنعت کا قیام اور پورٹ سے منسلک جدید اسٹیل مل کے قیام کی تجویز شامل ہے۔ ذرائع کے مطابق اسٹیل جیٹی بنیادی طور پر پاکستان اسٹیل ملز کے لیے آئرن اور کوئلے سمیت بلک کارگو سنبھالنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ یہ جیٹی 55,000 سے 75,000 ڈیڈ ویٹ ٹن (ڈی ڈبلیوٹی) کے بحری جہازوں کو سہولت فراہم کرسکتی ہے اور اسٹیل مل سے تقریباً 4.5 سے 8 کلومیٹر طویل مخصوص کنویئر سسٹم کے ذریعے منسلک ہے جو براہ راست اسٹاک یارڈز اور بلاسٹ فرنسز سے جڑا ہوا ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ شینڈ ونگ ژنکسو گروپ ایک بڑی چینی ہائی ٹیک کمپنی ہے جو قابل تجدید توانائی، بیٹری بنانے کے آلات اور صنعتی منصوبوں میں سرگرم عمل ہے اور خاص طور پر پاکستان کے سمندری، معدنی اور صنعتی شعبوں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے جانی جاتی ہے۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر نے چینی گروپ کی دلچسپی کا خیر مقدم کیا اور وفد سے کہا کہ وہ تجویز کردہ منصوبے کے لیے ایک غیر رسمی تجویز پیش کریں جس جامع روڈ میپ کی تفصیل شامل ہو۔ جنید انوار چوہدری نے زور دیا کہ روڈ میپ میں واضح طور پر بنیادی تصورات، تفصیلی عملدرآمد کے منصوبے اور تکنیکی، مالی اور ماحولیاتی پہلوؤں کا احاطہ کرنے والے فزیبلٹی اسٹڈیز شامل ہوں۔ جامع رپورٹ پیش کرنے کے بعد وزارت سمندری امور اور چینی گروپ کے اراکین پر مشتمل ایک کمیٹی، جس کی قیادت ایڈیشنل سیکریٹری عمر ظفر شیخ کریں گے، اس تجویز کا جائزہ لے گی۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ منصوبہ پاکستان کے وسیع صنعتی اور پائیداری کے اہداف کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔ آئی ایم آئی سی کا تصور وفاقی وزیر نے نومبر 2025 میں پورٹ قاسم اتھارٹی کے کراچی میں ہونے والے ایک پروگرام میں پیش کیا تھا جس میں بندرگاہ کو دنیا کی نویں سب سے زیادہ بہتر کی گئی کنٹینر پورٹ کے طور پر تسلیم کیا گیا۔ اگر یہ منصوبہ منظور ہو جاتا ہے تو یہ حالیہ برسوں میں پاکستان کے سمندری اور صنعتی شعبوں میں سب سے بڑی سرمایہ کاری میں سے ایک ہوسکتا ہے۔

بقیہ 2 — تجارت نیوز

کوٹریڈ بیسڈ منی لانڈرنگ کے خطرات کا بھی سامنا ہے۔ وزارت خزانہ ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بینک نے تجارتی منی لانڈرنگ روکنے کے لیے نیا نگرانی کا نظام نافذ کردیا ہے۔ ایف بی آر، اسٹیٹ بینک اور فنانشل مانیٹرنگ یونٹ تجارتی منی لانڈرنگ کے معاشی اثرات کا جائزہ لے رہے ہیں۔ قومی رسک اسیسمنٹ رپورٹ مارچ 2026 تک متعلقہ اداروں کو دی جائے گی۔ ایس ای سی پی نے جولائی 2025 میں مرکزی بینیفیشل اونرشپ رجسٹری قائم کی تھی، یہ رجسٹری جنوری 2026 تک مالی اداروں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے آن لائن دستیاب ہوگی۔ وزارت خزانہ حکام کے مطابق پاکستان اکتوبر 2022 میں فیٹف کی گرے لسٹ سے باہر آیا تھا۔ فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کی شرائط وسفارشات پر مسلسل عمل درآمد جاری ہے۔

بقیہ 3 — تجارت نیوز

صدارت وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب نے کی، جبکہ وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن، چیئرمین پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی اور دیگر متعلقہ حکام بھی شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں موبائل سروس کے گرتے ہوئے معیار پر بڑھتی عوامی تشویش کے تناظر میں نیلامی کی تیاری، دستیاب اسپیکٹرم اور مارکیٹ کی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ حکام نے بتایا کہ اس وقت تقریباً 600 میگا ہرٹز اسپیکٹرم غیر استعمال شدہ پڑا ہے جبکہ صرف 274 میگا ہرٹز اسپیکٹرم تقریباً 200 ملین صارفین کو سروس فراہم کر رہا ہے، جس کے باعث کال ڈراپ، سست انٹرنیٹ اور نیٹ ورک رش جیسے مسائل بڑھ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق فائیو جی اسپیکٹرم نیلامی کے لیے حکومت کی جانب سے مقرر کردہ امریکی کنسلٹنسی نیشنل اکنامک ریسرچ ایسوسی ایٹس انکارپوریٹڈ نے اپنی رپورٹ میں خبردار کیا ہے کہ زیادہ اسپیکٹرم قیمتیں مقابلے میں کمی، جدت میں سست روی اور صارفین کے لیے مہنگی سروسز کا باعث بن سکتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کم قیمتیں طویل المدت بنیادوں پر حکومت کے لیے زیادہ محصولات کا ذریعہ بن سکتی ہیں۔ کنسلٹنٹ نے ادائیگی کی مدت بڑھانے، 3.5 گیگا ہرٹز بینڈ کے لیے اضافی مراعات اور خطے کے دیگر ممالک جیسے ویتنام، انڈونیشیا اور بنگلہ دیش کی مثالیں اپنانے کی سفارش بھی کی ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی نشاندہی کی گئی کہ پاکستان میں ماضی کی نیلامیوں میں زیادہ ریزرو قیمتیں، ڈالر سے منسلک نرخ، تجارتی شرائط کی سختی اور تاخیر کے باعث اسپیکٹرم غیر فروخت شدہ رہا۔ جی ایس ایم اے کے مطابق اگر آئندہ نیلامی میں اسپیکٹرم فروخت نہ ہوسکا تو 2025 سے 2030 کے دوران معیشت کو 1.8 بلین ڈالر تک کا نقصان ہوسکتا ہے، جبکہ پانچ سالہ تاخیر کی صورت میں یہ نقصان 4.3 بلین ڈالر تک بڑھ سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق (آج) بدھ کو نائب وزیراعظم اور اس کے اگلے روز وزیراعظم کو بریفنگ دی جائے گی، جس کے بعد آئندہ دنوں میں ٹائم لائن، ریزرو قیمتوں اور غیر استعمال شدہ اسپیکٹرم کے اجرا سے متعلق اہم فیصلوں کی توقع کی جا رہی ہے، جو صارفین کے لیے بہتر سروس یا مزید مشکلات کا تعین کریں گے۔

بقیہ 4 — تجارت نیوز

پہنچانے کے لئے کوشاں ہے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کے فروغ کے لئے ترجیحی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا تاکہ برآمدات کے شعبے میں وسعت کے ساتھ ساتھ روزگار کے مواقع بھی بڑھیں۔ وزیراعظم نے وفاقی وزراء برائے تجارت، صنعت و پیداوار اور قومی غذائی تحفظ و مختلف صنعتی و تجارتی شہروں میں برآمد کنندگان کے پاس خود جانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کولڈ چین اور صنعت و تجارت سے منسلک دیگر شعبوں کے فروغ کے لئے صوبوں سے روابط مزید بہتر بنائے جائیں۔ دریں اثناء وزیراعظم کی زیرِصدارت انسانی اسمگلنگ کے خاتمے اور غیر قانونی طور پر بیرون ممالک سفر کے خلاف اقدامات پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے انسانی اسمگلنگ کے خاتمے کے لئے متعلقہ اداروں کی کاوشوں کی پزیرائی کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ بیرون ملک سفر کرنے والے مسافروں کی آف لوڈنگ کے حوالے سے حالیہ اطلاعات پر وفاقی وزیر داخلہ نے خود ایئرپورٹس پر جا کر صورتحال کا جائزہ لیا جو انتہائی لائق تحسین ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ غیر قانونی طور پر بیرون ممالک کا سفر کرنے والوں اور مشکوک سفری دستاویزات رکھنے والوں کے خلاف کارروائی میں اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ معتبر سفری دستاویزات رکھنے والے مسافر اس سے متاثر نا ہوں۔ انہوں نے پروٹیکٹریٹ آف ایمیگرنٹس کی کارکردگی مزید بہتر بنانے اور وفاقی تحقیقاتی ادارے اور دیگر متعلقہ اداروں سے ہم آہنگی مزید بہتر بنانے کی ہدایت تاکہ قانونی طور پر بیرون ملک ملازمت کے لئے جانے والوں کو دوران سفر کسی رکاوٹ کا سامنا نا کرنا پڑے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایمیگریشن کا نظام بہتر بنانے کے حوالے سے ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کرپٹ عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کو بیرون ملک کا غیر قانونی سفر کرنے والوں کی خلاف کارروائیوں اور اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔

بقیہ 5 — تجارت نیوز

جبکہ ملاقات میں نجی شعبے کے کردار کے فروغ اور اقتصادی وصنعتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بھی زور دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق قزوین چیمبر آف کامرس کے سربراہ اور اراکین نے کراچی میں تجارتی وصنعتی نمائش میں خصوصی شرکت کی، اس دوران زراعت، کیمیائی صنعت، ایل این جی اور توانائی کے شعبوں میں مشترکہ سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ماہرین کے مطابق پاک ایران تجارتی تعلقات کے استحکام کے علاقائی اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی میں اضافہ ممکن ہو سکے گا، دوطرفہ تجارتی تعاون معاشی استحکام، روزگار میں اضافہ اور خوشحالی کی امید ہوگا۔ ایس آئی ایف سی کی دور اندیش حکمت عملی پاکستان کے بین الاقوامی اور اقتصادی روابط میں بہتری کا سبب بن رہی ہے۔

بقیہ 6 — تجارت نیوز

دی۔ لکی سیمنٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے لکی گروپ کو کنسورشیم کی صورت پی آئی اے کی خریداری کے لیے بولی دینے کی منظوری دی۔ پی آئی اے کی بولی 23 دسمبر کو ہوگی، لکی گروپ سمیت چار کنسورشیم پی آئی اے کی نجکاری میں حصہ لے رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق حکومت پی آئی اے کے 51 تا 100 فیصد شیئرز فروخت کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

بقیہ 7 — تجارت نیوز

متعلق پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں وزارتِ خزانہ کے ڈیبٹ مینجمنٹ آفس کی ٹیم اور فنانس ڈویژن کے سینئر افسران نے منظوریوں کی صورتحال، سرمایہ کاروں سے روابط اور ریگولیٹری مراحل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کثیرالجہتی شراکت داروں سے مطلوبہ منظوریوں کا حصول مکمل ہو چکا ہے جبکہ چینی ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کے ساتھ رابطہ کاری مثبت اور تعمیری رہی ہے۔ بیان کے مطابق سرمایہ کاروں کا رجحان مضبوط ہے اور مختلف النوع سرمایہ کاروں کی جانب سے وسیع دلچسپی کے ساتھ ابتدائی طور پر حوصلہ افزا فیڈ بیک سامنے آیا ہے، جو پاکستان کی میکرو اکنامک استحکام، بہتر پالیسی و اصلاحاتی فریم ورک اور درمیانی مدت کے مثبت معاشی منظرنامے پر بڑھتے ہوئے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ مارکیٹ حالات سازگار ہیں، سرمایہ کاروں کی دلچسپی برقرار ہے اور مارکیٹ کا نظام منظم انداز میں کام کر رہا ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ دستاویزی امور اور ضمانتوں کے انتظامات مکمل ہیں جبکہ سرمایہ کاروں کے ساتھ روابط طے شدہ منصوبے کے مطابق آگے بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ 8 — تجارت نیوز

اصل طاقت ان کی مہارت، محنت اور عزم میں مضمر ہے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بیرون ملک کام کے لیے جانے والے افراد کو ضروری مہارتوں سے لیس کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آج کی عالمی معیشت میں کامیابی کے لیے صرف تکنیکی مہارت کافی نہیں بلکہ سماجی صلاحیتیں اور غیر ملکی زبانوں پر عبور بھی ناگزیر ہے۔ اسی مقصد کے تحت، انہوں نے بتایا کہ حکومت اپنے ووکیشنل ٹریننگ سسٹم کو بین الاقوامی معیار کے مطابق ہم آہنگ کر رہی ہے، جبکہ سماجی تربیت اور غیر ملکی زبانوں کی تعلیم کو فروغ دیا جا رہا ہے تاکہ پاکستانی افرادی قوت عالمی مواقع کے لیے بہتر طور پر تیار ہو۔ وزیراعظم نے انکشاف کیا کہ یورپی یونین ٹیلنٹ پارٹنرشپ کے علاوہ پاکستان مختلف ممالک کے ساتھ معاہدوں پر کام کر رہا ہے تاکہ اوورسیز پاکستانیوں کی اسناد کی بہتر شناخت ممکن بنائی جا سکے اور مفاہمتی یادداشت کے ذریعے ان کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ تارکین وطن کے محفوظ اور باوقار سفر کو یقینی بنانے کے لیے نیشنل امیگریشن اینڈ ویلفیئر پالیسی متعارف کرائی جا رہی ہے، جبکہ نیشنل ری امیگریشن پالیسی کے تحت امیگریشن کے ہر مرحلے پر افراد کے تحفظ کو یقینی بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اس دن کے موقع پر ہمیں اس عزم کی تجدید کرنی چاہیے کہ بیرون ملک جانے والوں کو ایسی مہارتیں اور محفوظ مواقع فراہم کیے جائیں جن کے ذریعے وہ مشترکہ ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کے یہ خیالات ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب اس سال عالمی یوم مہاجرین 'میری جدوجہد کی کہانی: ثقافتیں اور ترقی'' کے عنوان کے تحت منایا جا رہا ہے، جس کا مقصد ثقافتی تنوع، جدت اور پائیدار ترقی میں انسانی نقل وحرکت کے مثبت کردار کو اجاگر کرنا ہے۔

بقیہ 9 — تجارت نیوز

متعلق مکمل معلومات موجود نہیں تھیں جبکہ متعدد کیسوں میں مسافر اپنے ایجنٹس کے ذریعے نامکمل یا غلط معلومات کے ساتھ سفر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ڈی جی ایف آئی اے کے مطابق آف لوڈ کیے جانے والے 66 ہزار مسافروں میں سے زیادہ کو لاہور اور کراچی ایئرپورٹ پر روکا گیا۔ جبکہ آف لوڈ کیے گئے مسافروں کی اکثریت وزٹ، عمرہ اور ورک ویزا کی کیٹگری سے تھی۔ راجہ رفعت کے مطابق کئی افراد عمرے کے نام پر یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے، جس پر ثبوت کے ساتھ ان تمام افراد کو آف لوڈ کیا گیا۔ ان کے مطابق عمرے کے نام پر لوگوں کے پاس یورپ جانے کے ڈاکیومنٹس موجود تھے۔ بریفنگ کے مطابق رواں برس 24 ہزار افراد کمبوڈیا گئے تاہم 12 ہزار افراد تا حال واپس نہیں آئے جبکہ برما میں سیاحتی ویزے پر چار افراد گئے، جن میں سے اڑھائی ہزار واپس نہیں آئے۔ راجہ رفعت نے دعوی کیا کہ آف لوڈنگ اور غیر قانونی طریقہ کار سے جانے والے افراد کو روکنے کی وجہ سے ہمارے پاسپورٹ کی رینکنگ 118 سے 92 نمبر پر آئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام بڑے ایئرپورٹس کو آئی ڈی، ایم ایس ٹو اور نادرہ کے آن لائن ڈیٹا سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ جبکہ ایئرپورٹس کے امیگریشن کاؤنٹرز پر کیمروں کی تنصیب اور کنٹرول ہیڈ کوارٹر سے نگرانی کی جا رہی ہے۔ علاوہ ازیں امیگریشن نظام میں مصنوعی ذہانت کے ذریعے مشتبہ کیسز کی پیشگی نشاندہی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کمیٹی کو بتایا ہے کہ گزشتہ برسوں میں غیر قانونی طور پر یورپ جانے والے افراد میں پاکستان، ٹاپ فائیو ملکوں میں تھا۔ تاہم ہماری پالیسیوں کے باعث پاکستان کا نام غیر قانونی طریقہ کار سے جانے والے ٹاپ فائیو ممالک سے نکل گیا ہے۔ جبکہ گزشتہ برس 8 ہزار افراد غیر قانونی طور پر یورپ گئے تاہم اس سال یہ تعداد 4 ہزار ہوگئی ہے۔ راجہ رفعت نے بتایا کہ اسلام آباد میں ایف آئی اے کے کاؤنٹرز زیادہ ہیں جبکہ عملہ کم ہے۔ اس کمی کے پیش نظر اسلام آباد پولیس کی تیس خواتین اہلکاروں کی خدمات لی گئیں ہیں۔ دوسری جانب ذرائع کے مطابق رواں سال 51 ہزار پاکستانیوں کو مختلف ممالک سے بھیک مانگنے کے الزام میں ڈی پورٹ کیا گیا ہے۔ ان میں سے 24 ہزار افراد کو سعودی عرب جبکہ چھ ہزار پاکستانیوں کو متحدہ عرب امارات نے ڈی پورٹ کیا ہے۔ جبکہ حکام کے مطابق رواں برس آذر بائیجان سے بھی ڈھائی ہزار بھکاریوں کو ڈی پورٹ کیا گیا واضح رہے کہ رواں برس مئی میں وزارت داخلہ نے قومی اسمبلی کو آگاہ کیا تھا کہ گزشتہ ڈیڑھ برس کے عرصے میں مختلف ممالک سے پانچ ہزار سے زیادہ پاکستانی شہریوں کو بھیک مانگنے کے الزام میں ڈی پورٹ کیا گیا ہے۔ ان افراد کے نام پانچ برس کے لیے پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالنے کا فیصلہ کیا گیا تھا جبکہ ڈی پورٹ کیے جانے والے افراد کے پاسپورٹ منسوخ کرنے کے احکامات بھی دیے گئے تھے

بقیہ 10 — تجارت نیوز

شراکت داری ہی پائیدار ترقی اور مشترکہ خوشحالی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے یہ بات کراچی قونصلیٹ میں پاکستان وناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) کے چیئرمین شیخ عمر ریحان سے ملاقات کے دوران کہی۔ ان کے ہمراہ رشید جان محمد اور احمد غلام حسین بھی موجود تھے۔ قونصل جنرل مذا کرایم اے نے کہا کہ انڈونیشیا پام آئل کی کاشت اور پراسیسنگ میں وسیع تجربہ رکھتا ہے اور اس شعبے میں پاکستان کو تکنیکی معاونت، تربیتی پروگرامز اور ٹیکنالوجی ٹرانسفر فراہم کی جاسکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ زرعی تعاون اور مہارت کے تبادلے سے دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ اس موقع پر پی وی ایم اے کے چیئرمین شیخ عمر ریحان نے کہا کہ پاکستان انڈونیشیا سے خوردنی تیل درآمد کرنے والے بڑے ممالک میں شامل ہے اور پام آئل کی درآمد میں انڈونیشیا پاکستان کا ایک اہم اور قابل اعتماد تجارتی شراکت دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں استعمال ہونے والا خوردنی تیل خاص طور پر پام آئل کا 90 فیصد انڈونیشیا سے درآمد کرتا ہے۔ پاکستان میں خوردنی تیل کی مقامی پیداوار طلب کے مقابلے میں نہایت کم ہے، جس کے باعث ملک کو بھاری مقدار میں درآمدات پر انحصار کرنا پڑتا ہے، لہٰذا انڈونیشیا کے ساتھ تجارتی تعلقات نہ صرف اہم بلکہ اسٹریٹجک حیثیت بھی رکھتے ہیں۔ شیخ عمر ریحان نے کہا کہ پاکستان میں خوردنی تیل روزمرہ زندگی کی بنیادی ضرورت ہے، جبکہ انڈونیشیا دنیا کا سب سے بڑا پام آئل پیدا کرنے والا ملک ہے اور پاکستان اس کا ایک بڑا خریدار ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان یہ تجارتی تعلق دہائیوں پر محیط ہے، تاہم حالیہ برسوں میں بعض انتظامی، تجارتی اور تکنیکی رکاوٹوں، بالخصوص ٹیرف اور نان ٹیرف بیریئرز، نے اس تعاون کو متاثر کیا ہے۔ چیئرمین پی وی ایم اے نے کہا کہ پاکستان انڈونیشیا کیساتھ ویلیوایڈڈ مصنوعات تیار کرنے کیلئے تعاون فراہم کرسکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ دوطرفہ تعاون اور مشاورت کے ذریعے ان رکاوٹوں کے اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔ پی وی ایم اے کے چیئرمین کا کہنا تھا کہ باہمی تعاون کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ حکومتی سطح کے ساتھ ساتھ نجی شعبے کے روابط بھی مضبوط کیے جائیں۔ مشترکہ بزنس فورمز، تجارتی وفود کے تبادلے اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کر کے دونوں ممالک ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پام آئل ریفائننگ، اسٹوریج اور ویلیوایڈیشن کے شعبوں میں انڈونیشی سرمایہ کاری سے نہ صرف درآمدی لاگت میں کمی آئے گی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انڈونیشین پام آئل عالمی معیار کا حامل ہے اور پاکستان کی صنعت اس سے بھرپور استفادہ کرسکتی ہے۔ ملاقات کے دوران صنعت سے متعلق اہم امور، باہمی تجارتی مفادات اور تعاون کے فروغ کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر رشید جان محمد اور احمد غلام حسین نے بھی اظہار خیال کرتے ہوئے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں فریقین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مسلسل رابطے اور تعاون کے ذریعے پاکستان کے خوردنی تیل کے شعبے کو مزید مستحکم بنایا جائے گا۔

بقیہ 11 — تجارت نیوز

ادارہ کام نہیں کرے گا تو اس کا افسر اپنے گھر کا راستہ اختیار کرے گا۔ یہ بات صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اور فشریز محمد علی ملکانی نے پاکستان میرین فشریز ڈیپارٹمنٹ کے ڈی جی آفس میں یورپی یونین کے آنے والے دورے کے حوالے سے اہم فیصلوں پر عمل درآمد کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری لائیو اسٹاک اور فشریز ایم پی اے آصف خان، سیکرٹری لائیو اسٹاک اور فشریز ڈاکٹر کاظم حسین جتوئی، چیئر پرسن فشرمن کوآپریٹو سوسائٹی محترمہ فاطمہ مجید، ڈی جی میرین فشریز پاکستان ڈاکٹر منصور حسین وسا؟، ڈی جی سندھ فشریز میرین ڈاکٹر عاصم حسین، ایم ڈی کراچی فشریز ہاربر اتھارٹی زاہد حسین کیمٹیو سمیت ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ اور فشریز کے اعلیٰ افسران بھی شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر محمد علی ملکانی نے فشریز سے متعلق تمام اداروں کے افسران سے بریفنگ لی اور بتایا کہ یورپی یونین کا آڈٹ مشن مارچ 2026 تک متوقع ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے کہا کہ اگر ہم مشن کے آڈٹ میں کامیاب ہوئے تو ملک کا نام روشن ہوگا اور مچھلی کی ایکسپورٹ کے لیے پوری دنیا کے دروازے کھل جائیں گے، جس سے ملک کو غیر ملکی آمدنی میں بڑی مدد ملے گی۔ صوبائی وزیر نے پارلیمانی سیکرٹری اور ایم پی اے آصف خان کو یورپی یونین کے وفد کے آنے والے پروگرام کی نگرانی کے لیے فوکل پرسن مقرر کرنے کا اعلان کیا اور تمام اداروں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ اپنی تمام تیاریاں ہفتہ وار رپورٹس کی صورت میں ان کے حوالے کریں۔ محمد علی ملکانی نے مزید کہا کہ مشن کے دورے میں کامیابی کے بعد ایکسپورٹ کے ذریعے تقریباً چار سو ملین ڈالر کا فائدہ ہوگا۔ سی فوڈ ہماری معیشت کا اہم حصہ ہے۔

بقیہ 12 — تجارت نیوز

کیا گیا مالی سال 2025-26 کے دوران پانچ ماہ کی آئی ٹی برآمدات کا حجم 1.8 ارب ڈالر رہا۔ ذرائع کے مطابق آئی ٹی برآمدات میں یہ اضافہ عالمی سطح پر خصوصاً خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے خطے میں آئی ٹی ایکسپورٹ کمپنیوں کے بڑھتے ہوئے کلائنٹ بیس، اسٹیٹ بینک کی جانب سے ایکسپورٹرز کے اسپیشلائزڈ فارن کرنسی اکاؤنٹس میں قابل اجازت رقوم برقرار رکھنے کی حد کو 35 فیصد سے بڑھا کر 50 فیصد کرنے، ان غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس کے ذریعے بیرون ملک ایکویٹی سرمایہ کاری کی اجازت، اور امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کے استحکام کے باعث ممکن ہوا، جس سے آئی ٹی برآمد کنندگان کو منافع کا بڑا حصہ پاکستان واپس لانے کی ترغیب ملی جبکہ نومبر کے مہینے میں آئی ٹی برآمدات 356 ملین ڈالر رہیں، جو سالانہ بنیادوں پر 14 فیصد اضافہ جبکہ ماہانہ بنیادوں پر 8 فیصد کمی کو ظاہر کرتی ہیں۔ نومبر کی ماہانہ آئی ٹی برآمدات گزشتہ 12 ماہ کی اوسط 337 ملین ڈالر سے زیادہ رہیں۔ دوسری جانب ایک سروے کے مطابق 62 فیصد آئی ٹی کمپنیاں اسپیشلائزڈ فارن کرنسی اکاؤنٹس برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بینک کی جانب سے ایکویٹی انویسٹمنٹ ابروڈ (ای آئی اے) کے تعارف، جس کے تحت آئی ٹی برآمد کنندگان کو اسپیشلائزڈ فارن کرنسی اکاؤنٹس میں موجود آمدنی کے 50 فیصد تک رقم استعمال کرتے ہوئے بیرون ملک اداروں میں سرمایہ کاری کی اجازت دی گئی ہے، سے توقع ہے کہ آئی ٹی ایکسپورٹرز کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور وہ اپنی آمدنی پاکستان واپس منتقل کریں گے۔ واضح رہے کہ رواں مالی سال کے اختتام تک آئی ٹی انڈسٹری 4 ارب ڈالر کا ہندسہ عبور کرسکتی ہے۔ جبکہ مالی سال 2024-25 میں پاکستان کی آئی ٹی برآمدات جدت اور معیاری خدمات کی فراہمی کے باعث ریکارڈ 3.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئی تھیں۔

بقیہ 13 — تجارت نیوز

کیلئے 2 ارب روپے کی منظوری کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کو مشکور ہیں انہوں نے صنعتی زونز کی بحالی کیلئے دیرینہ مطالبہ پورا کیا جو بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی کے انڈسٹریلائزیشن کے وژن کو تقویت دیتا ہے۔ صدر کاٹی نے سندھ کابینہ کو بھی اس اہم اور تاریخی اقدام پر زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان فنڈز کا ماضی میں بھی بہترین استعمال ہوا جس کے تمام ادارے آج بھی معترف ہیں، تاہم ایک طویل عرصے سے دیکھ بھال نہ ہونے اور صنعتی سرگرمیوں کے دباؤ کے باعث انڈسٹریل زونز کا انفرا اسٹرکچر بدحالی کا شکار تھا، جس سے صنعتی سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر تھیں، تاہم اب فنڈز کی بحالی سے ترقیاتی کام جلد بحالی کی طرف گامزن ہوں گے جس سے صنعتی سرگرمیاں بھی بحال ہوں گی۔ اکرام راجپوت نے کہا کہ ماضی میں بھی کاٹی سمیت دیگر صنعتی زونز میں حکومت سندھ کے جاری فنڈز کا شفاف طریقے سے استعمال ہوا بلکہ کائیٹ لمیٹڈ سمیت دیگر انڈسٹریل کمپنیوں نے کم لاگت میں بین الاقوامی معیار کے مطابق منصوبے مکمل کئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف صنعتی سرگرمیوں کے فروغ میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ برآمدات، روزگار اور معاشی استحکام کے لیے بھی مثبت نتائج کا حامل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے اور یہاں کے صنعتی علاقوں، بالخصوص کورنگی، لانڈھی اور سائٹ ایریاز میں خراب انفرااسٹرکچر سے ملک کو معاشی نقصان پہنچ رہا تھا۔ اس خصوصی پیکیج کے ذریعے کورنگی سمیت کراچی کے تمام صنعتی علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری سے معطل سرگرمیاں بحال ہوں گی جس سے معاشی بحالی ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کا یہ اقدام مجموعی طور پر پورے ملک کو فائدہ پہنچائے گا۔ صدر کاٹی نے امید ظاہر کی کہ حکومت سندھ فوری طور پر فنڈز کے اجراء کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا یہ اہم فیصلہ اس امر کی عکاس ہے کہ حکومت صنعت وتجارت کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور ان کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ صدر کاٹی نے کہا کہ پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے ماڈل کو مزید فروغ دیا جائے وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کے باہمی تعاون سے نہ صرف منصوبوں کی شفافیت اور رفتار میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ وسائل کا مؤثر استعمال بھی ممکن ہو پاتا ہے۔ ماضی میں بھی پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل ہونے والے منصوبوں نے مثبت نتائج دیے ہیں، جن سے صنعتکاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ صدر کاٹی نے اس امید کا اظہار کیا کہ سندھ حکومت آئندہ بھی صنعت دوست پالیسیوں کا تسلسل برقرار رکھے گی اور پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے ذریعے کراچی کے صنعتی انفرااسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا، تاکہ پاکستان کی معیشت کو پائیدار بنیادوں پر مضبوط بنایا جا سکے۔

بقیہ 14 — تجارت نیوز

تعینات ڈاکٹر عبدالباسط نے اپنی ترقی کے لیے سندھ ہائی کورٹ سے رابطہ کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروڈکشن میں بطور ڈائریکٹر کورنٹائن تعینات ڈاکٹر محمد باسط ولدنذیراحمد نے سندھ ہائی کورٹ میں 1973 کے آرٹیکل 199 کے تحت ایک آئینی درخواست نمبر D5614/2025 دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ اسے سن 2011 میں فیڈرل پبلک سروس کمیشن کی سفارشات پر مستقل طور پر ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروڈکشن میں بطور ڈپٹی ڈائریکٹر بی ایس 18 کے عہدے پر تعینات کیا گیا تھا۔ جبکہ تقرری و ترقی کے طریقہ کار کے مطابق ڈائریکٹر ٹیکنیکل بی ایس 19 کی اسامی ڈپٹی ڈائریکٹر بی ایس 18 میں سے 60 پرسنٹ ترقی اور 40 پرسنٹ دیگر کوٹا کی بنیاد پر کی جاتی ہے جبکہ سنیارٹی لسٹ کے مطابق سب سے سینئر ڈپٹی ڈائریکٹر ہونے حیثیت سے درخواست گزار نہ صرف ترقی کے لیے اہل ہے بلکہ مکمل طور پر اس عہدے کے لیے موضوع بھی ہے اور چونکہ متعلقہ اسامی ترقی کے کوٹے میں خالی موجود ہے، اس لیے درخواست گزار کو باقاعدہ بنیادوں پر ڈائریکٹر ٹیکنیکل بی ایس 19 کے عہدے پر ترقی کے لیے زیر غور لایا جانا چاہیے تاہم فریقین مخالف نے بی ایس 18 کے اہل افسران میں سے ڈائریکٹر ٹیکنیکل کی خالی اسامی پر ترقی کرنے کے بجائے بدنیتی کے ساتھ 19 اکتوبر 2025 کو جاری کردہ چیلنج شدہ دفتری حکم نامے کے ذریعے ڈاکٹر ثاقب عارف کو اس کے اصل محکمے پاکستان ایگریکلچر ریسرچ سے پلانٹ پروڈکشن ڈپارٹمنٹ میں بطور ڈائریکٹر ٹیکنیکل تبادلہ کردیا۔ جس سے درخواست گزار کو شدید نقصان پہنچا اور اس کی ترقی کا راستہ روک دیا گیا۔ درخواست گزار ڈاکٹر عبدالباسط کے مطابق اس کارروائی سے متاثر ہوکر اپنی ترقی پر غور کے لیے مختلف درخواستوں کے ذریعے مسلسل فریقین مخالف سے رجوع کرتا رہا تاہم تاحال کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی لہٰذا درخواست گزار اس وقت رٹ آف مینڈیمس اور سرٹیوریری کے تحت مندرجہ ذیل وجوہات کی بنیاد پر یہ آئینی درخواست دائر کرنے پر مجبور ہوا ہے، تو دوسری جانب تجارت نیوز کو ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق گریڈ 18 میں ہونے کے باوجود گریڈ 19 کے ڈائریکٹر کورنٹائن کے عہدے پر طویل عرصے سے براجمان ڈاکٹر عبدالباسط کا محکمہ جاتی ریکارڈ، کرپشن اور لوٹ مار کی حیرت انگیز داستان ہے۔ جبکہ سندھ ہائی کورٹ میں آئینی درخواست دائر کرنے والا ڈاکٹر عبدالباسط خود اسلام آباد ہائی کورٹ کی جانب سے صنعتکاروں اور تاجروں کے حق میں دیے جانے والے فیصلے کو پیروں تلے روندنے میں ملوث ہے، جس نے اسلام آباد ہائیکورٹ کی جانب سے صنعتکاروں اور تاجروں کے حق میں آنے والے اہم ترین فیصلے کو ماننے سے سخت الفاظ میں انکار کر دیا تھا۔ آج وہ خود مقدمے کا مدعی بنا ہوا ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ بطور ڈائریکٹر کورنٹائن عہدہ سنبھالنے کے فوری بعد ہی ڈاکٹر عبدالباسط نے ضروری کاموں کی انجام دہی اور اپنے سامان کی کلیئرنس کے لیے ڈپارٹمنٹ اف پلانٹ پروٹیکشن سے رابطہ کرنے والے تاجروں اور صنعت کاروں کا جینا حرام کر دیا اور غیر ضروری اعتراضات دیگر طریقوں سے حراساں کر کے انہیں کروڑوں روپے بطور رشوت دینے پر مجبور کرتا رہا جبکہ اپنی تعیناتی سے تا حال ہے ڈاکٹر عبدالباسط مجموعی طور پر کروڑوں روپے بطور رشوت وصول کر چکا ہے جبکہ ذرائع کے مطابق سابق ڈائریکٹر جنرل ڈی پی پی طاہر عباس اور ڈائریکٹر کورنٹائن عبدالباسط سمیت دیگر افسران پر مشتمل ایک منظم اور مخصوص مافیا اسمگلروں کے آلہ کار کے طور پر کام کرتے رہے اور اس کے عوض انہوں نے ملک وسماج دشمن اسمگلروں سے مجموعی طور پر اربوں روپے بطور رشوت وصول کیے۔ ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ ڈاکٹر عبدالباسط سمیت دیگر افسران نے بھاری رشوت کے ذریعے جمع کی گئی رقم کو بیرون ملک منتقل کر دیا ہے۔ لیکن اینٹی کرپشن اور نیب سمیت ملکی سلامتی کے دیگر ادارے خاموش بنے ہوئے ہیں دوسری جانب ملک بھر سے تعلق رکھنے والے صنعتکاروں اور تاجروں نے ڈائریکٹر کورنٹائن ڈاکٹر عبدالباسط کی جانب سے ترقی و بطور ڈائریکٹر ٹیکنیکل تعیناتی کے لیے سندھ ہائی کورٹ میں دائر کی جانے والی آئینی درخواست پر اپنی حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کس طرح ممکن ہوسکتا ہے کہ ایف آئی اے کی انکوائریوں اور ایف آئی ار میں نام تک ملزم اپنی ترقی کے لیے سندھ ہائی کورٹ میں آئینی درخواست دائر کرتا پھرے جبکہ سنگین علامات کے تحت ملزم کے خلاف کاروائی امر میں نہ لایا جانا بھی ایک حیرت انگیز امر ہے۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر عبدالباسط نے اپنی آئینی درخواست میں سیکرٹری وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن، سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، ڈاکٹر ثاقب عارف ڈائریکٹر ٹیکنیکل بی ایس 19 ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن اور ڈپٹی اٹارنی جنرل برائے پاکستان کو بطور فریقین نامزد کیا ہے

بقیہ 15 — تجارت نیوز

نے پاکستان کے ایک مستعد ترقیاتی شراکت دار کے طور پر ایشین ڈیولپمنٹ بینک کی طویل المدتی اور غیر متزلزل حمایت کو سراہا۔ انہوں نے وفد کو حکومت کی میکرو اکنامک استحکام کی کوششوں اور جاری مالیاتی استحکام کے مرحلے پر بریفنگ دی، جس کا مقصد ملک کو درپیش معاشی چیلنجز سے نمٹنا ہے۔ وفاقی وزیر نے مین لائن -ون (ایم ایل-ون) ریلوے منصوبے کے بروقت نفاذ کے لیے حکومت کے پختہ عزم پر زور دیا اور کہا کہ اس اہم سنگ میل کے حصول کے لیے اے ڈی بی کی مسلسل معاونت نہایت اہم ہوگی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حکومت ترقیاتی وسائل کو ترقیاتی شراکت داروں کے تعاون سے صوبائی حکومتوں کے ساتھ قریبی ہم آہنگی کے تحت مؤثر انداز میں بروئے کار لانے کی خواہاں ہے۔

بقیہ 16 — تجارت نیوز

طیاروں کے لیے پاکستان نے اپنی فضائی حدود مزید 25 دسمبر 2025 سے 23 جنوری 2026 تک بند رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نوٹم کے مطابق بھارت کے تمام رجسٹرڈ مسافر، ملٹری اور پرائیوٹ جیٹس کو پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یاد رہے کہ بھارت کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے بعد پاکستان نے 24 اپریل 2025 سے بھارتی طیاروں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر رکھی ہے اور اس کے بعد سے اس میں مسلسل اضافہ جاری ہے۔ جبکہ اب تک اس پابندی کی وجہ سے بھارتی ایئر لائنز کو لاکھوں ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔

بقیہ 17 — تجارت نیوز

بورڈ آف گورنرز کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے مزید بتایا کہ اسلام آباد میں جدید ترین کرکٹ اسٹیڈیم تعمیر کیا جائے گا۔ پی سی بی ذرائع کے مطابق چیئرمین محسن نقوی نے پاکستان سپر لیگ کے گیارہویں ایڈیشن کے لیے باضابطہ شیڈول کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ یہ 26 مارچ سے 3 مئی 2026 تک منعقد ہوگا۔ محسن نقوی کے مطابق نئی ٹیموں کی نیلامی بھی آئندہ سال 8 جنوری کو اسلام آباد کنونشن سینٹر میں منعقد ہوگی جہاں دو نئے PSL فرنچائزز کے حقوق پیش کیے جائیں گے۔

بقیہ 18 — تجارت نیوز

احکامات کی جزوی تبدیلی ہے۔ سپریم کورٹ نے 4 جولائی 2024 کے فیصلے میں واضح کیا کہ صحت کی خدمات فراہم کرنا صرف مریضوں کو براہ راست طبی دیکھ بھال فراہم کرنے پر لاگو ہوتا ہے۔ فیصلے کے مطابق اہل افراد کی فہرست میں طبی اور ڈینٹل ڈاکٹرز، معاون ماہرین، فارماسسٹ، نرسیں، پیرا میڈکس اور دیگر معاون عملہ شامل ہیں جو مریضوں کی دیکھ بھال اور صحت کے مسائل کے انتظام میں براہ راست حصہ لیتے ہیں۔ ایسے افراد جو مریضوں کی براہ راست دیکھ بھال میں شامل نہیں ہیں، صحت کی خدمات فراہم کرنے کی تعریف میں نہیں آئیں گے۔ وزیر اعظم نے اس فیصلے کے نفاذ کی منظوری دی ہے۔ نئی پالیسی کے تحت صحت الاؤنس قابل ٹیکس ہوگا، چھٹیوں کے دوران اور ریٹائرمنٹ سے قبل کی چھٹی کے دوران بھی قابل ادائیگی ہوگا، تاہم اسے پنشن، گریجویٹی یا ہاؤس رینٹ کے حساب میں شامل نہیں کیا جائے گا۔ یہ الاؤنس بیرون ملک تعیناتی یا ڈیوٹی کے دوران قابل ادائیگی نہیں ہوگا، لیکن واپسی پر پاکستان میں رہنے کی صورت میں سابقہ شرح کے مطابق بحال ہوجائے گا۔ اگر ملازم اپنے منظور شدہ عہدے سے دور پوسٹ کیا جائے تو الاؤنس بند کر دیا جائے گا۔ ہیلتھ الاؤنس کی شرح فروری 2012 اور جولائی 2015 کے فنانس ڈویژن کے نوٹیفکیشن کے مطابق برقرار رہے گی۔

بقیہ 19 — تجارت نیوز

سکیورٹی اداروں، پاکستان کسٹمز اور وفاقی وصوبائی فشریز محکموں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سندھ حکومت مچھلی کے شکار اور شکار پر جانے والی لانچوں کی رجسٹریشن صرف اسی صورت میں کرے گی جب ماہی گیر نادرا کی جانب سے جاری کردہ اپنی شناخت ظاہر کرے گا۔ اس اقدام سے سمندری پٹی میں شکار کے بہانے اسمگلنگ اور دیگر جرائم کی روک تھام ممکن ہو سکے گی۔

بقیہ 20 — تجارت نیوز

سفر کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق یہ اقدام وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) کے اکثر غیر پیشہ ورانہ رویے کے بعد سامنے آیا، جس نے ملک کے امیگریشن نظام کی شفافیت پر سنگین سوالات اٹھا دیے ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نے ایک 14 رکنی کمیٹی تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ 21 — تجارت نیوز

اور کمیونٹی نمائندوں بشمول چمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح مشاورتی اجلاس منعقد کیا جس میں سرحد پار تجارت سے متعلقہ مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں چمن کے مقام پر پاک افغان سرحدی گزرگاہ کی بار بار اور طویل بندش سے پیدا ہونے والے چیلنجز پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اسٹیک ہولڈرز نے ان بندشوں کے شدید سماجی ومعاشی اثرات پر روشنی ڈالی، جن میں تاجروں کے مالی نقصانات، جلد خراب ہونے والی اشیاء کی برآمدات میں رکاوٹیں، بڑھتی ہوئی بے روزگاری، اور مقامی آبادی کو درپیش مشکلات شامل ہیں جو کہ سرحد پار تجارت پر بہت زیادہ انحصار کرتی ہے۔

بقیہ 22 — تجارت نیوز

ایم ایف کے ساتھ طے شدہ حدود میں قرضے کے بہاؤ کو برقرار رکھنا ہے۔ کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے نہ صرف یہ فیصلہ کیا بلکہ ملک کی نازک مالی حالت کو نظر انداز کرتے ہوئے ارکان پارلیمان کی صوابدیدی اسکیموں کیلئے مجموعی طور پر 11.5 ارب روپے کی منظوری بھی دے دی۔ وزارتِ خزانہ ذرائع کے مطابق وزیر خزانہ و محصولات کی زیر صدارت ای سی سی کا اجلاس ہوا، ای سی سی نے بجلی کے شعبے میں کیش فلو مسائل کے حل کیلئے ڈسکوز کی ایکویٹی میں حکومتِ پاکستان کی سرمایہ کاری کے عنوان سے 200 ارب روپے کی ضمنی گرانٹ کی منظوری دی۔

بقیہ 23 — تجارت نیوز

درآمدات پر انحصار کر رہا ہے، جبکہ مقامی سطح پر پیداوار نہ ہونے کے باعث سرمایہ کاری بھی متاثر ہو رہی ہے۔ کمیشن کا کہنا ہے کہ قوانین کے کمزور نفاذ اور پیچیدہ منظوری نظام نے زرعی ادویات کے شعبے کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ سی سی پی کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پنجاب اور سندھ میں جعلی اور ملاوٹ شدہ زرعی زہروں کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کر چکا ہے جبکہ دو سالہ شیلف لائف کی شرط کے باعث بڑی مقدار میں زرعی ادویات غیر ضروری طور پر ضائع ہو رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق صوبائی لیبارٹریوں میں صلاحیت کی کمی اور تربیت یافتہ عملے کا فقدان بھی ایک بڑا مسئلہ ہے، جس کا فائدہ جعلساز اٹھا رہے ہیں۔ کمیشن نے نشاندہی کی کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد وفاقی اور صوبائی اختیارات میں اوورلیپ کے باعث بھی مؤثر ریگولیٹری نظام متاثر ہوا ہے۔ کمپٹیشن کمیشن نے زرعی اسپرے کے قوانین بہتر بنانے، منظوری کے عمل کو آسان اور تیز کرنے، اور جعلی زرعی مصنوعات کے خلاف سخت کارروائی کی سفارش کی ہے۔ رپورٹ میں مقامی پیداوار کو فروغ دینے اور ملکی آب و ہوا کے مطابق زرعی ادویات تیار کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں زرعی گریجویٹس کو لائسنس یافتہ ڈسٹری بیوٹر بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔ سی سی پی کے مطابق مؤثر نفاذ کے ذریعے زرعی مارکیٹ میں مسابقت کو فروغ دیا جاسکتا ہے اور کسانوں کو بہتر تحفظ فراہم کرنا ممکن ہوگا۔

بقیہ 24 — تجارت نیوز

سیمنٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے لکی گروپ کو کنسورشیم کی صورت پی آئی اے کی خریداری کے لیے بولی دینے کی منظوری دی۔ واضح رہے کہ پی آئی اے کی بولی 23 دسمبر کو ہوگی، لکی گروپ سمیت چار کنسورشیم پی آئی اے کی نجکاری میں حصہ لے رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق حکومت پی آئی اے کے 51 تا 100 فیصد شیئرز فروخت کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

بقیہ 25 — تجارت نیوز

کی پیداواری استعداد بہت متاثر ہوگئی تھی جبکہ تیار مال کی بروقت فراہمی نہ ہونے کے باعث مارکیٹ میں قلت اور قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ اس صورتحال سے نہ صرف صنعتکار بلکہ عام صارف بھی متاثر ہوا۔ تاہم حکومت اور گڈز ٹرانسپورٹرز کے مابین کامیاب مذاکرات کے بعد ہڑتال کا خاتمہ ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔

بقیہ 26 — تجارت نیوز

بنانے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ تمام متعلقہ فریقین سے مشاورت کے بعد پالیسی حتمی شکل دی جا سکے۔ ورکنگ گروپس کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی رپورٹیں دو ہفتوں کے اندر جمع کروائیں۔ اجلاس میں شامل افراد میں سیکرٹری صنعت، سیف انجم، انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، حمد منصور، اور عوامی ونجی شعبے کے نمائندے بھی شامل تھے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی حکومت نے قومی برقی گاڑی پالیسی 2025-2030 کے تحت 2030 تک تمام گاڑیوں کا 30 فیصد حصہ برقی گاڑیوں میں تبدیل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے، جس کے لیے حکومت نے گزشتہ چند ماہ میں دو اور تین پہیوں والی گاڑیوں کے علاوہ برقی کاروں پر سبسڈیز سمیت اہم مراعات کا اعلان کیا ہے۔ جبکہ اگلے پانچ سالوں میں لیتھیم آئن بیٹریز کی طلب میں 26 فیصد اضافہ متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق برقی گاڑیوں کو بنانے میں شامل چین کی نمایاں کمپنی بی وائے ڈی نے مختلف برانڈز پاکستان میں متعارف کروا دیے ہیں اور مقامی پیداوار بھی شروع کرنے جا رہی ہے۔

بقیہ 27 — تجارت نیوز

بات چیت کر رہے ہیں۔ دو ممالک کے درمیان تیل کی تلاش، پیداوار اور ریفائننگ میں وسیع تعاون کے حوالے سے پوچھے گئے سوال پر وزیر خزانہ نے کہا کہ یہ تمام شعبے روس کی طاقت ہیں اور ہمیں خوشی ہوگی اگر روس اس شعبے میں پاکستان کے ساتھ کسی معاہدے پر متفق ہو جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فی الحال یہ معاملہ دونوں جانب کی توانائی کی وزارتوں کے درمیان زیر بحث ہے۔ واضح رہے کہ روسی وزیر توانائی سرگئی تسویلیو نے نومبر میں کہا تھا کہ روس نے پاکستان میں ایک ریفائنری کو اپ گریڈ کرنے کے معاملے پر متعلقہ روسی کمپنیوں کے ساتھ بھی بات چیت کی ہے۔

بقیہ 28 — تجارت نیوز

منظوری دیدی ہے۔ عالمی بینک کی جانب سے پاکستان میں معاشی استحکام اور سروس ڈیلیوری کیلئے نئے پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ عالمی بینک کے مطابق نیا پروگرام وفاق اور صوبہ سندھ میں اصلاحات میں مدد دے گا پروگرام کے تحت وفاق کو 60 کروڑ ڈالر، سندھ کو 10 کروڑ ڈالر ملیں گے، پروگرام سے ٹیکس نظام اور اخراجات میں بہتری آئے گی، ڈیجیٹل نظام کے ذریعے عوامی خدمات کو بہتر بنایا جائے گا۔ فنڈز مطلوبہ نتائج حاصل ہونے پر ہی جاری کئے جائیں گے عالمی بینک کے مطابق پروگرام آئی ایم ایف اور نیشنل فسکل پیکٹ سیم آہنگ ہے، تعلیم، صحت اور سماجی شعبے کیلئے وسائل میں اضافہ متوقع ہے، عالمی بینک پروگرام کے تحت مختلف مراحل میں 1.35 ارب ڈالر فراہم کرے گا۔

بقیہ 29 — تجارت نیوز

کوئلہ رابطہ منصوبوں، اندرونی آڈٹ اصلاحات، سماجی تحفظ اور شہر میں آئی ٹی ٹاور کے قیام سے متعلق ایک جامع مالی و ترقیاتی پیکج کی منظوری دی گئی۔ کراچی میں وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ہونے والے اس اجلاس میں صوبائی وزراء، مشیران، خصوصی معاونین، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری آغا واصف اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ کی جانب سے پیش کردہ کابینہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس کی کارروائی کی بھی توثیق کی گئی۔ ہم منظوریوں میں کابینہ نے کراچی میں نان اے ڈی پی اسکیم کے تحت پبلک ٹرانسپورٹ بسوں کی خریداری اور آپریشن کیلئے 4.964 ملین روپے، عوامی آگاہی کیلئے فلموں، ڈراموں اور دستاویزی پروگراموں کی تیاری کیلئے 1 ارب روپے جب کہ سندھ پولیس کی صلاحیت کو مضبوط بنانے کے لیے اسلحہ اور گولہ بارود کی خریداری کیلئے 5.84 ارب روپے کی منظوری دی۔

بقیہ 30 — تجارت نیوز

برآمد شدہ سامان میں خشک دودھ، ایرانی ٹافیاں، کپڑا، ٹائل پٹی، چائنہ نمک، ٹائر، ڈیری ملک کریم، ایرانی چاکلیٹس، برتن اور دیگر مختلف اشیائے خوردونوش شامل ہیں۔ برآمد کیا گیا سامان گوداموں میں چھپایا گیا تھا۔ برآمد شدہ اشیاء کو 10 مزدا ٹرکوں کے ذریعے مزید قانونی کارروائی کے لیے کسٹم حکام کے حوالے کردیا گیا ہے۔

بقیہ 31 — تجارت نیوز

تھے۔ پورٹ قاسم ٹرانسپورٹرز گڈز ایسوسی ایشن کے مطابق حکومت کی جانب سے تحریری نوٹیفکیشن موصول ہونے کے بعد ہڑتال ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ٹرانسپورٹرز نے فوری طور پر اپنی سرگرمیاں بحال کر دی ہیں اور پورٹ قاسم اور کراچی پورٹ کے باہر گاڑیوں کی قطاریں لگنا شروع ہوگئی ہیں۔

بقیہ 32 — تجارت نیوز

دھاتیں اور دیگر قدرتی زمینی اجزاء کو نان ایکسلوز و بنیادوں پر ہینڈل، ذخیرہ اور برآمد کرنے کے حقوق، مراعات اور لائسنس فراہم کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی کمپنی نے ریکوڈک مائننگ کمپنی کے کارگو کنسنٹریٹ کے ہینڈلنگ کے لیے بھی الگ معاہدہ کیا ہے۔

بقیہ 33 — تجارت نیوز

اور بعض اشیا کی قیمتوں میں کمی جیسے اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ آئندہ ہفتے 1.45 ملین امریکی فوجیوں کو 1,776 ڈالر فی کس ''واریئر ڈیویڈنڈ'' دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ انہوں نے صحت بیمہ کے اخراجات پورے کرنے کے لیے عوام کو براہِ راست نقد رقم دینے کی ری پبلکن تجویز کی حمایت کی، تاہم یہ تجویز تاحال کانگریس میں منظوری حاصل نہیں کر سکی۔ خطاب کے دوران ٹرمپ نے تسلیم کیا کہ قیمتیں اب بھی بلند ہیں، مگر ساتھ ہی کہا کہ معیشت تیزی سے بحالی کی جانب گامزن ہے اور وہ مہنگائی کو تیزی سے کم کر رہے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان کی ٹیرف پالیسیوں کے نتیجے میں 18 ٹریلین ڈالر کی سرمایہ کاری آئی ہے اور امریکہ دنیا کا سب سے پرکشش ملک بن چکا ہے۔ دوسری جانب ایک سروے کے مطابق صرف 33 فیصد امریکی بالغ افراد معیشت سے متعلق صدر ٹرمپ کی کارکردگی سے مطمئن ہیں۔ ڈیموکریٹس مہنگائی اور صحت کی پالیسی کو انتخابی مسئلہ بنا رہے ہیں تاکہ ایوان نمائندگان اور سینیٹ میں اکثریت حاصل کی جا سکے۔ ذرائع کے مطابق صدر ٹرمپ نے یہ بھی اعلان کیا کہ وہ جلد فیڈرل ریزرو کے نئے چیئرمین کا اعلان کریں گے جو کم شرح سود کے حامی ہوں گے۔ ان کا یہ خطاب مہنگائی کے تازہ اعداد وشمار جاری ہونے سے ایک دن قبل سامنے آیا، جس نے سیاسی اور معاشی حلقوں میں بحث کو مزید تیز کر دیا ہے۔

بقیہ 34 — تجارت نیوز

کی ادائیگیاں تاخیر کا شکار ہیں جبکہ اسٹریٹ ٹرانسفرز میں ونڈ فال لیوی ابھی تک شامل نہیں کی گئی ہے۔ مزمل اسلم نے کہا کہ خیبر پختونخوا پیٹرولیم پر وفاقی ایکسائز ڈیوٹی شامل نہیں کی گئی اور گیس پر عائد ایکسائز ڈیوٹی پر بھی نظر ثانی نہیں کی گئی، تمباکو پر ایکسائز ڈیوٹی اب بھی وفاقی حکومت وصول کر رہی ہے حالانکہ زراعت صوبوں کو منتقل کی جا چکی ہے۔ مشیر خزانہ خیبر پختونخوا نے کہا کہ فاٹا کے انضمام کے بعد بھی ساتواں این ایف سی ایوارڈ اپ ڈیٹ نہیں کیا گیا، ضم شدہ اضلاع کو اس وقت بھی خصوصی گرانٹ دی جا رہی ہے جو دیگر خصوصی علاقوں گلگت بلتستان اور کشمیر کے مقابلے میں کم ہے۔

بقیہ 35 — تجارت نیوز

سے قبل ٹیلی کام آپریٹرز، وینڈرز اور سروس فراہم کنندگان کے لیے ایک بلند ریگولیٹری معیار متعین کرتی ہیں۔ ذرائع کے مطابق جیسے جیسے آپریٹرز کمرشل فائیو جی لانچ کی تیاری کر رہے ہیں، ان گائیڈ لائنز پر عمل درآمد ایک اہم ریگولیٹری پیمانہ بنتے جا رہا ہے، جو ملک بھر میں ٹیلی کام سکیورٹی کے ڈیزائن، آڈٹ اور نفاذ کے طریقہ کار کو از سر نو تشکیل دے گا۔

بقیہ 36 — تجارت نیوز

دسمبر 2025 سے پالیسی ریٹ میں 50 بیسس پوائنٹس کی کرتے ہوئے اسے 10.5 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ 27 اکتوبر 2025 کو اپنے پچھلے اجلاس میں مانیٹری پالیسی کمیٹی نے پالیسی ریٹ کو 11 فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا تھا اور کہا تھا کہ حالیہ سیلاب کا مجموعی معیشت پر اثر اندازے سے کم رہا ہے۔ ماہرین کو توقع ہے کہ آج کے اجلاس میں شرح سود میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پالیسی ریٹ میں کسی تبدیلی کا امکان نہیں کیونکہ استحکام برقرار رکھتے ہوئے محتاط حکمت عملی اپنائی جائے گی، خاص طور پر اس لیے کہ وہ بنیادی اثر (بیس ایفیکٹ) جو ہیڈ لائن مہنگائی کو کم سطح پر رکھے ہوئے تھا، اب بتدریج ختم ہو رہا ہے۔

بقیہ 37 — تجارت نیوز

بین الاقوامی مسابقتی بنیادوں پر خریداری کے طریقہ کار اپنانے سے تھری فیز اسمارٹ میٹر کی قیمت تقریباً 45 ہزار روپے سے کم ہوکر 25 ہزار روپے سے بھی نیچے آگئی ہے، جو اب روایتی تھری فیز میٹر کی لاگت کے قریب ہے، جبکہ سنگل فیز اسمارٹ میٹر کی قیمت میں 7 ہزار روپے کی کمی آئی ہے۔ یہ قیمتیں قابل اطلاق ٹیکسز کے بغیر ہیں۔

بقیہ 38 — تجارت نیوز

گیا۔ پاکستان اور ازبکستان کی قیادت نے باہمی معاشی تعاون اور اقتصادی روابط بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاک، ازبک تجارت میں سہولت کے لیے کسٹمز ہم آہنگی، ڈیجیٹل کنیکٹیوٹی اور ریئل ٹائم ڈیٹا ایکسچینج پر زور دیا گیا۔ ازبکستان کی جانب سے ٹیکسٹائل، لیدر، فارما اور سرجیکل آلات کو مشترکہ منصوبوں اور ٹیکنالوجی ٹرانسفر کے ترجیحی شعبے قرار دیا گیا۔

بقیہ 39 — تجارت نیوز

توانائی کے نرخ پاکستان میں تقریباً 13.2 سینٹ فی کلوواٹ گھنٹہ ہیں، جبکہ بنگلہ دیش میں 10.2، ویتنام میں 7.0، چین میں 5.3 اور بھارت میں صنعتی اوسط 9.5 سینٹ ہے، علاوہ ازیں بجلی کی غیر مستحکم فراہمی بھی برآمد کنندگان کے لیے مشکلات پیدا کر رہی ہے۔ پی ٹی سی نے کہا کہ علاقائی ممالک برآمدات کیلئے توانائی کی مستحکم قیمتیں فراہم کرتے ہیں، جبکہ پاکستان کے برآمد کنندگان کو توانائی کے شعبے کی کمزوریوں جیسے بلند ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن نقصانات، ناقابل حساب گیس، کم وصولیاں اور کراس سبسڈیز کا بوجھ اٹھانا پڑتا ہے، جس کے نتیجے میں مسلسل سرکلر ڈیٹ پیدا ہوتی ہے اور لاگتیں پیداواری شعبوں پر منتقل ہوجاتی ہیں۔

بقیہ 40 — تجارت نیوز

کی مکمل ملکیتی ذیلی کمپنی ماری منرلز (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے صوبے میں معدنیات کی تلاش کے لیے گلوبا کور منرلز لمیٹڈ کے ساتھ جوائنٹ وینچر معاہدہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حال ہی میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر اور معروف کاروباری شخصیت گوہر اعجاز نے کہا کہ معدنی ترقی کے آغاز کے ساتھ ہی ملک میں امن اور ترقی کا ایک نیا دور شروع ہوگا جس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

بقیہ 41 — تجارت نیوز

اس میں محدود پیش رفت ہوئی ہے۔ واضح رہے کہ ورلڈ ان ایکویلیٹی لیب ایک عالمی تحقیقی مرکز ہے جو ڈیٹا پر مبنی تحقیق کے ذریعے معاشی اور سماجی عدم مساوات کو سمجھنے اور تجزیہ کرنے پر مرکوز ہے، اور بنیادی طور پر پیرس اسکول آف اکنامکس میں قائم ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ دولت کی عدم مساوات اور بھی زیادہ ہے جہاں امیر ترین 10 فیصد افراد کل دولت کا 59 فیصد حصہ رکھتے ہیں جب کہ سرفہرست 1 فیصد افراد کا حصہ 24 فیصد ہے۔

بقیہ 42 — تجارت نیوز

اور وقت کے لحاظ سے بہت قریب ہیں۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ تجارتی امور کے لیے ان کے ساتھی قیادت کر رہے ہیں لیکن مجموعی پیش رفت مثبت اور قریبی ہے۔ وزیر خزانہ نے اس بات پر زور دیا کہ یہ اسٹریٹجک تبدیلی پاکستان کے نئے سرے سے پیدا ہونے والے معاشی اعتماد اور اصلاحاتی رفتار کی عکاسی کرتی ہے۔

بقیہ 43 — تجارت نیوز

کے مطابق یہ فیصلہ اعلیٰ سطح پر اس جائزے کے بعد کیا گیا کہ موجودہ معاشی ڈھانچہ نہ تو خاطر خواہ غیر ملکی سرمایہ کاری کو متوجہ کر پا رہا ہے اور نہ ہی پائیدار معاشی نمو فراہم کرسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے وزارتوں کے ساتھ پہلی مشاورتی نشست کی جس میں مستقبل کے لائحہ عمل پر تجاویز مانگی گئیں۔ اجلاس کا مقصد یہ جانچنا تھا کہ کون سی سفارشات آئندہ بجٹ سے قبل نافذ کی جاسکتی ہیں اور کن پر اگلے بجٹ کے ساتھ عمل ہونا چاہیے، مشاورت ستمبر 2027 تک جاری آئی ایم ایف پروگرام کے دائرے میں ضروری معاشی ایڈجسٹمنٹس کے تناظر میں کی گئی۔

بقیہ 44 — تجارت نیوز

کے ساحلی علاقوں میں غروب آفتاب اور غروب ماہتاب کے درمیان وقفہ تقریباً 63 منٹ متوقع ہے۔

بقیہ 45 — تجارت نیوز

اکتوبر 2024 کے مقابلے میں اکتوبر 2025 میں صنعتی پیداوار میں 8.33 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور جولائی تا اکتوبر کے دوران مجموعی گروتھ 5.02 فیصد رہی ہے۔ ادارہ شماریات نے بتایا کہ آٹوموبائل سیکٹر کی پیداوار میں سب سے زیادہ 79 فیصد اضافہ ہوا، ان چار ماہ کے دوران ٹرانسپورٹ کے دیگر سامان کی پیداوار 37.51 تک بڑھی، فٹ بال سمیت دیگر اشیا کی پیداوار میں 28 فیصد اضافہ ہوا۔ اسی طرح پیٹرولیم مصنوعات 12.25 فیصد اور دیگر مصنوعات کی پیداوار میں 12 فیصد تک اضافہ ہوا ہے، منرل پروڈکٹس کی گروتھ 13.45 فیصد اور الیکٹرک سامان کی پیداوار 6.26 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق معیشت کے سب سے بڑے صنعتی شعبے ٹیکسٹائل کی پیداوار میں 1.58 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور فوڈ سیکٹر کی پیداوار میں چار ماہ کے دوران 5 فیصد سے زیادہ بہتری آئی ہے۔

بقیہ 46 — تجارت نیوز

کی پیداوار میں 15 دسمبر تک پنجاب کے مقابلے میں حیران کن طور پر 16 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، چیئرمین کاٹن جنرز فورم احسان الحق نے ایکسپریس کو بتایا کہ پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری ہونے والے کپاس کے مجموعی ملکی پیداواری اعداد وشمار کے مطابق 15 دسمبر تک ملک بھر کی جننگ فیکٹریوں میں مجموعی طور پر ایک فیصد کے اضافے سے 53 لاکھ گانٹھوں کے مساوی کپاس جننگ فیکٹریوں میں پہنچی ہے، رپورٹ کے مطابق پنجاب کی جننگ فیکٹریوں میں زیر تبصرہ مدت کے دوران 24 لاکھ 53 ہزار جبکہ سندھ کی جننگ فیکٹریوں میں 28 لاکھ 48 ہزار گانٹھوں کے مساوی پھٹی جننگ فیکٹریوں میں پہنچی ہے جو کہ پچھلے سال کی نسبت بالترتیب 5 فیصد کم اور 3 فیصد زائد ہے۔

بقیہ 47 — تجارت نیوز

اپ سائیڈ پرافٹ ٹیکنگ اور حصص کی آف لوڈنگ سے اتار چڑھاؤ کے بعد مندی بھی رونما ہوئی، کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 556.16 پوائنٹس کی کمی سے 171404.48 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ دریں اثنا بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 09 ڈالر کی کمی سے 4 ہزار 325 ڈالر کی سطح پر آنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی ایک روزہ وقفے کے بعد جمعہ کو 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 900 روپے کی کمی سے 4 لاکھ 54 ہزار 862 روپے کی سطح پر آگئی جبکہ فی دس گرام سونے کی قیمت 772 روپے کی کمی سے 3 لاکھ 89 ہزار 970 روپے کی سطح پر آگئی۔ علاوہ ازیں انٹر بینک مارکیٹ میں 63 ویں دن بھی ڈالر کی نسبت روپیہ تگڑا رہا، کاروبار کے اختتام پر انٹر بینک میں ڈالر کی قدر ایک پیسے کی کمی سے 280 روپے 25 پیسے کی سطح پر بند ہوئی جبکہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں دوسرے دن بھی ڈالر کی قدر بغیر کسی تبدیلی کے 281 روپے 30 پیسے کی سطح پر مستحکم رہی۔

بقیہ 48 — تجارت نیوز

وزیراعظم نے کہا کہ توانائی کے شعبے کو مسابقتی مارکیٹ میں تبدیل کرنے، طویل المدتی استحکام اور کارکردگی یقینی بنانے کے لیے نجکاری ناگزیر ہے۔ اجلاس میں سینئر سرکاری حکام نے شرکت کی، جس میں توانائی کے شعبے میں جاری اصلاحات کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور ان پر عملدرآمد کے اگلے مراحل پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم کو مختلف اقدامات پر بریفنگ دی گئی، جن میں بجلی کی بڑی ترسیلی کمپنیوں کی نجکاری اور قومی پاور گرڈ کی توسیع شامل ہے۔ وزیراعظم آفس کے جاری کردہ بیان کے مطابق حکومت تین اہم بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں، اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو)، فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) اور گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی (گیپکو) کی نجکاری کے عمل کو آگے بڑھا رہی ہے۔

گیس بندش اور دن میں گیس کی بڑھتی لوڈشیڈنگ کے باعث چھوٹے گیس سیلنڈر کی خریداری میں اضافہ ہوگیا ہے

کمپٹیشن کمیشن نے زرعی ادویات کی مارکیٹ میں سنگین خامیوں کی نشاندہی کردی

پنجاب اور سندھ میں جعلی وملاوٹ شدہ زرعی زہروں کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کر چکا ہے، سی سی پی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان نے زرعی ادویات اور کیڑے مار اسپرے کی مارکیٹ سے متعلق جامع جائزہ رپورٹ جاری کردی ہے، جس میں اس شعبے میں سنگین خامیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان زرعی زہروں کے لیے مکمل طور پر (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 23)

لکی سیمنٹ کے بورڈ نے پی آئی اے کی خریداری کے لیے بولی دینے کی منظوری دے دی

ذرائع کے مطابق حکومت پی آئی اے کے 51 تا 100 فیصد شیئرز فروخت کرنے کا ارادہ رکھتی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) لکی سیمنٹ کے بورڈ نے پی آئی اے کی خریداری کے لیے بولی دینے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق لکی سیمنٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس ہوا، لکی سیمنٹ کے بورڈ نے پی آئی اے کی خریداری کے لیے بولی دینے کی منظوری دے دی۔ لکی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 24)

ایک میلے میں لڑکیاں راگ پیش کر رہی ہیں

گڈز ٹرانسپورٹ ہڑتال ختم کاروباری طبقے نے سکھ کا سانس لیا

خام مال کی ترسیل متاثر ہونے سے کارخانوں اور صنعتوں کی پیداواری استعداد بہت متاثر ہوگئی تھی

حکومت نے یہ ثابت کیا ہے کہ باہمی مشاورت اور مفاہمت کے ذریعے پیچیدہ مسائل کو بھی حل کیا جاسکتا ہے، صدر کاٹی

کراچی (کامرس رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر محمد اکرام راجپوت نے ملک بھر میں 10 روز تک جاری رہنے والی گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال کے خاتمے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کے تاجر اور صنعتکاروں نے اس ہڑتال کے خاتمہ پر سکھ کا سانس لیا اور اطمینان کا اظہار کیا ہے کیونکہ ہڑتال کے باعث پیدا ہونے والی معاشی بے یقینی، سپلائی چین میں تعطل اور صنعتی سرگرمیوں کی سست روی کا خاتمہ ہوا ہے، جس سے کاروباری حلقوں میں مثبت فضا بحال ہو رہی ہے۔ صدر کاٹی کا کہنا ہے کہ ہڑتال کے دوران خام مال کی ترسیل متاثر ہونے سے کارخانوں اور صنعتوں (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 25)

پاکستان نے لیتھیم آئن بیٹریز کی پیداوار کا منصوبہ بنالیا

وزارت صنعت و پیداوار نے اس موضوع پر قومی پالیسی تیار کرنے سے قبل متعلقہ اداروں سے مشاورت شروع کردی ہے

حکومت نے قومی برقی گاڑی پالیسی 2030–2025 کے تحت 2030 تک تمام گاڑیوں کا 30 فیصد حصہ برقی گاڑیوں میں تبدیل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مقامی سطح پر لیتھیم آئن بیٹریز کی پیداوار کا منصوبہ بنا رہا ہے کیونکہ وزارت صنعت و پیداوار نے اس موضوع پر قومی پالیسی تیار کرنے سے قبل متعلقہ اداروں سے مشاورت شروع کردی ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی لیتھیم بیٹری پالیسی کی تیاری کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطح اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت وزیراعظم کے خصوصی معاون برائے صنعت و پیداوار، ہارون اختر خان نے کی، جس میں وزیر مملکت برائے خزانہ اور ریلوے، بلال اظہر کیانی نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں مقامی سطح پر لیتھیم آئن بیٹریز کی پیداوار کو فروغ دینے پر تفصیلی گفتگو کی گئی اور تین ورکنگ گروپس (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 26)

مراد علی شاہ نے جامع مالی وترقیاتی پیکیج کی منظوری دے دی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت ہونے والے کابینہ اجلاس میں پبلک ٹرانسپورٹ، پولیسنگ، گندم کی قیمتوں میں ریلیف، تھر (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 29)

رینجرز اور کسٹم انفورسمنٹ کے اسمگلنگ کے خلاف یوسف گوٹھ و 100 فٹ روڈ پر چھاپے

برآمد شدہ سامان میں خشک دودھ، ایرانی ٹافیاں، کپڑا، اٹائل پی، چائنہ نمک، ٹائر، ڈیری ملک کریم، ایرانی چاکلیٹس، برتن اور دیگر مختلف اشیائے خورد ونوش شامل ہیں

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان رینجرز (سندھ) اور کسٹم انفورسمنٹ نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقوں بس ٹرمینل یوسف گوٹھ اور 100 فٹ روڈ حب ریور روڈ سے بھاری مقدار میں اسمگل شدہ نان کسٹم پیڈ اشیاء برآمد کرلی گئیں۔ (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 30)

پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ اور ریکوڈک مائننگ کمپنی کے درمیان کارگو کنسنٹریٹ کی ہینڈلنگ کا معاہدہ

ریکوڈک بلوچستان میں واقع ایک وسیع، غیر ترقی یافتہ تانبے اور سونے کا ذخیرہ ہے، جسے دنیا کے سب سے بڑے ذخائر میں سے ایک تصور کیا جاتا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ (پی آئی بی ٹی) نے ریکوڈک مائننگ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ اس کے کارگو کنسنٹریٹ کی ہینڈلنگ کے لیے معاہدہ کیا ہے جبکہ معدنی برآمدات کو منظم کرنے کے لیے پورٹ قاسم اتھارٹی سے اضافی مراعات بھی حاصل کرلی ہیں۔ پی آئی بی ٹی نے یہ پیش رفت پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو جاری کردہ نوٹس میں ظاہر کی۔ کمپنی نے پورٹ قاسم اتھارٹی کے ساتھ اضافی نفاذی معاہدہ کیا ہے جو اسے کاپر، گولڈ کموڈیٹیز بشمول معدنیات؛ (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 32)

عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 70 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی

وفاق کو 60 کروڑ ڈالر، سندھ کو 10 کروڑ ڈالر ملیں گے، ٹیکس نظام اور اخراجات میں بہتری آئے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 70 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی، رقم پاکستان پبلک ریسورسز فار انکلیوسو ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت ملے گی۔ رپورٹ کے مطابق عالمی بینک کے بورڈ نے پاکستان پبلک ریسورسز فار انکلیوسو ڈیولپمنٹ پروگرام کی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 28)

پاکستان اور روس تیل کے ممکنہ معاہدے کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں، وزیر خزانہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے چیز ہے نیوز ایجنسی کو دیے گئے انٹرویو میں بتایا کہ پاکستان اور روس تیل کے شعبے میں ممکنہ معاہدے پر (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 27)

مال بردار گاڑیوں کی ہڑتال ختم کاروباری سرگرمیاں بحال

یہ پیش رفت کسٹمز ہاؤس کراچی میں ہونے والے کامیاب مذاکرات کے بعد سامنے آئی

حکومت کی جانب سے تحریری نوٹیفکیشن موصول ہونے کے بعد ہڑتال ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ٹرانسپورٹرز

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان میں کارگو ٹرانسپورٹرز نے اپنی پہیہ جام ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کردیا، جس کے بعد کراچی کی بندرگاہوں سے ملک بھر کی فیکٹریوں تک مال برداری کا نظام بحال ہونا شروع ہوگیا۔ ٹرانسپورٹرز کا کہنا ہے کہ حکومت نے ان کے اہم مطالبات تسلیم کرتے ہوئے 20 فٹ لمبی 10 پہیوں والی کارگو گاڑیوں کو سڑکوں پر چلنے کے لیے روزانہ 19 گھنٹے کی اجازت دینے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ پیش رفت کسٹمز ہاؤس کراچی میں ہونے والے کامیاب مذاکرات کے بعد سامنے آئی، جن کی قیادت پنجاب کے وزیر برائے ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان نے کی۔ پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے بھی ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ مذاکرات میں اقتصادی اور بندرگاہی حکام کے علاوہ مختلف ٹرانسپورٹرز تنظیموں کے نمائندے شریک (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 31)

ٹرمپ نے مہنگائی کا ملبہ جو بائیڈن پر ڈال دیا

11 ماہ قبل انہوں نے ایک بگڑی ہوئی صورتحال وراثت میں پائی اور اب وہ اسے درست کر رہے ہیں

آئندہ ہفتے 1.45 ملین امریکی فوجیوں کو 1,776 ڈالر فی کس ''واریئر ڈیویڈنڈ'' دیا جائے گا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس سے غیر معمولی خطاب میں اپنی کارکردگی کو سراہتے ہوئے مہنگائی اور صارفین کی بڑھتی قیمتوں کا ذمہ دار اپنے ڈیموکریٹ پیش رو صدر جو بائیڈن کو قرار دیا جبکہ ان کی جماعت آئندہ سال ہونے والے سخت وسط مدتی انتخابات کی تیاری کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق تقریباً 20 منٹ سے کم دورانیے کے اس تیز رفتار خطاب میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ 11 ماہ قبل انہوں نے ایک بگڑی ہوئی صورتحال وراثت میں پائی اور اب وہ اسے درست کر رہے ہیں۔ تاہم انہوں نے مہنگائی سے نمٹنے کے لیے کسی نئی پالیسی کا اعلان نہیں کیا بلکہ سابق حکومت، پرانے تجارتی معاہدوں، تارکین وطن اور ایک مبینہ بدعنوان نظام کو مسائل کا سبب ٹھہرایا۔ صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ان کی (انتظامیہ نے سرحدی آمد ورفت میں کمی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 33)

ایکسپو سینٹر میں منعقدہ عالمی کتب میلے میں خواتین اسٹال سے مختلف موضوعات پر کتابیں دیکھ رہی ہیں

وفاقی حکومت پر خیبر پختونخوا کے چار کھرب روپے واجب الادا ہیں، مزمل اسلم

ساتویں این ایف سی کے نافذ نہ ہونے کی وجہ سے اندازاً 1,375 ارب روپے کم موصول ہوئے ہیں

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے مشیر خزانہ مزمل اسلم نے وفاقی حکومت کی جانب سے صوبائی حکومت کو جاری فنڈ سے متعلق دیے گئے اعداد و شمار سے اتفاق کرتے ہوئے وضاحت کی ہے کہ وفاق پر خیبر پختونخوا کے 4 کھرب روپے واجب الادا ہیں اور اس میں دیگر واجبات بھی شامل ہیں۔ مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے بیان میں کہا کہ خیبر پختونخوا میں این ایچ پی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 34)

پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن نے جامع فائیو جی سکیورٹی گائیڈ لائنز جاری کردیں

ایک اہم ریگولیٹری پیمانہ بننے جا رہا ہے، جو ملک بھر میں ٹیلی کام کے طریقہ کار کو از سر نو تشکیل دے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے آئندہ نسل کے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کے تحفظ کے لیے ایک فیصلہ کن قدم کے طور پر پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے جامع فائیو جی سکیورٹی گائیڈ لائنز جاری کردی ہیں۔ جو آنے والے مہینوں میں متوقع ملک گیر فائیو جی تعیناتی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 35)

فائر بریگیڈ کا عملہ گرجا گھر میں لگی آگ بجھا رہا ہے

اسٹیٹ بینک نے پالیسی ریٹ 50 بیسس پوائنٹس کم کرکے 10.5 فیصد کردیا

27 اکتوبر 2025 کو اجلاس میں مانیٹری پالیسی کمیٹی نے پالیسی ریٹ کو 11 فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا تھا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کی مانیٹری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) نے توقعات کے برعکس پالیسی ریٹ میں 50 بیسس پوائنٹس کی کمی کرتے ہوئے اسے 10.5 فیصد کردیا ہے۔ ماہرین کا خیال تھا کہ مرکزی بینک شرح سود کو برقرار رکھے گا تاہم اس کے برخلاف فیصلہ کیا گیا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق مانیٹری پالیسی کمیٹی نے 16 (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 36)

تقسیم کار کمپنیوں کیلئے اسمارٹ میٹرز کی قیمتوں میں 40 فیصد تک کمی آگئی ہے، پاور ڈویژن

تھری فیز اسمارٹ میٹر کی قیمت 25 ہزار روپے سے بھی نیچے آگئی، جو اب روایتی تھری فیز میٹر کی لاگت کے قریب ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاور ڈویژن نے کہا ہے کہ شفافیت اور مسابقت کو بہتر بنانے کے لیے کیے گئے مسلسل اقدامات اور بروقت فیصلوں کے نتیجے میں بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے لیے اسمارٹ میٹرز کی قیمتوں میں 40 فیصد تک کمی آگئی ہے۔ اسمارٹ میٹرز سے متعلق ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے گذشتہ وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ اس کمی کے نتیجے میں قومی سطح پر سالانہ تقریباً 150 ارب روپے کی بچت متوقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ شفاف اور (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 37)

زیادہ اخراجات ٹیکسٹائل شعبے کی مسابقت کم کر رہے ہیں: پاکستان ٹیکسٹائل کونسل

برقی توانائی کے نرخ پاکستان میں تقریباً 13.2 سینٹ فی کلوواٹ گھنٹہ ہیں، جبکہ بنگلہ دیش میں 10.2، ویتنام میں 7.0، چین میں 5.3 اور بھارت میں صنعتی اوسط 9.5 سینٹ ہے

مہنگے قرضے بھی ایک بڑا مسئلہ ہے کیونکہ پاکستان میں پالیسی ریٹ 11 فیصد ہے، جبکہ بنگلہ دیش میں 10، ویتنام میں 4.5 اور چین میں 3 فیصد ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ٹیکسٹائل کونسل (پی ٹی سی)، جو ملک کے سرکردہ ٹیکسٹائل اور اپیرل برآمدکنندگان کی نمائندہ فورم ہے، نے خبردار کیا ہے کہ توانائی، مالیات، ٹیکس، لاجسٹکس اور خام مال میں ساختی طور پر بلند لاگت نے پاکستان کے ٹیکسٹائل اور اپیرل شعبے کو علاقائی ہم منصبوں کے مقابلے میں غیر مسابقتی بنا دیا ہے، جس سے برآمدات کی ترقی، روزگار کے مواقع اور غیر ملکی زرمبادلہ کی آمدنی شدید متاثر ہو رہی ہے۔ پی ٹی سی کے مطابق دیگر مقابل ممالک برآمدات پر مبنی ترقی کے لیے ہموار پالیسیاں اپنا رہے ہیں، جبکہ پاکستان اپنی برآمدی صنعتوں پر نمایاں طور پر زیادہ لاگت کا بوجھ ڈال رہا ہے۔ برقی (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 39)

بلوچستان کی معدنیات، پانچ بڑے کاروباری گروپس سرمایہ کاری کے لیے تیار

لیک سٹی ہولڈنگز، فاطمہ گروپ، دین گروپ، ہلٹن گروپ اور سورتی گروپ نے بلوچستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے پانچ بڑے کاروباری گروپس، لیک سٹی ہولڈنگز، فاطمہ گروپ، دین گروپ، ہلٹن گروپ اور سورتی گروپ نے بلوچستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ ان کاروباری گروپس کی مجموعی مارکیٹ ویلیو 5 ارب ڈالر بتائی جاتی ہے۔ یہ پیش رفت اس انکشاف کے بعد سامنے آئی ہے کہ ماری انرجیز لمیٹڈ نے بتایا ہے کہ اس (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 40)

پاکستان میں 10 فیصد افراد کل آمدنی کے 42 فیصد کے مالک ہیں، رپورٹ

فی کس اوسط آمدنی تقریباً 4,200 یورو ہے جب کہ اوسط دولت 15,700 یورو کے قریب ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی عدم مساوات رپورٹ 2026 (ورلڈ انیکویلیٹی رپورٹ) کے مطابق پاکستان میں عدم مساوات گہرائی تک جڑیں جمائے ہوئے ہے جہاں سب سے زیادہ کمانے والے 10 فیصد افراد کل آمدنی کا 42 فیصد حصہ حاصل کرتے ہیں جب کہ نیچے کے 50 فیصد افراد کو صرف 19 فیصد حصہ ملتا ہے۔ ذرائع کے مطابق ورلڈ ان ایکویلیٹی لیب کی طرف سے شائع کی گئی اس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں عدم مساوات اب بھی زیادہ ہے اور گزشتہ دہائی کے دوران (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 41)

پاکستان اور ازبکستان کا ترجیحی تجارتی معاہدہ کی توسیع پر اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کی کاوشوں کی بدولت پاکستان کمیٹین الاقوامی اقتصادی تعلقات میں زبردست کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق پاکستان اور ازبکستان کا ترجیحی تجارتی معاہدہ کی توسیع پر اتفاق کیا گیا اور دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان اگلے دو سال میں دوطرفہ تجارت کو 2 بلین ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 38)

[redacted]

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کی کاوشوں کی بدولت پاکستان کمیٹین الاقوامی اقتصادی تعلقات میں زبردست کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق پاکستان اور ازبکستان کا ترجیحی تجارتی معاہدہ کی توسیع پر اتفاق کیا گیا اور دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان اگلے دو سال میں دوطرفہ تجارت کو 2 بلین ڈالر تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا گیا۔

وائس چانسلر داؤد یونیورسٹی ڈاکٹر ثمرین حسین میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کو شیلڈ پیش کر رہی ہیں

وزیراعظم نے بجلی تقسیم اور پیداوار سے وابستہ کمپنیوں کی نجکاری کے عمل کو تیز کرنے کا حکم دے دیا

توانائی کے شعبے کو مسابقتی مارکیٹ میں تبدیل کرنے، طویل المدتی استحکام اور کارکردگی یقینی بنانے کے لیے نجکاری ناگزیر ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں توانائی کے دیرینہ بحران کے حل کے لیے بجلی کی تقسیم اور پیداوار سے وابستہ کمپنیوں کی نجکاری کے عمل کو تیز کرنے پر زور دیا۔ یہ ہدایت پاور سیکٹر اصلاحات سے متعلق ایک جائزہ اجلاس کے دوران دی گئی، جہاں (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 48)

خلیج تعاون کونسل ممالک کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے کے مذاکرات ایڈوانسڈ مراحل میں ہیں، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کے خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) ممالک کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے (ایف ٹی اے) کے مذاکرات ایڈوانسڈ مراحل میں ہیں جس سے ملک میں تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے امکانات روشن ہو گئے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہم مجموعی طور پر جی سی سی کے ساتھ ایف ٹی اے کے سلسلے میں آگے بڑھ رہے ہیں (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 42)

ایف بی آر نے اسلام آباد میں حال ہی میں نوٹیفائی شدہ ویلیوایشن ٹیبلز کو معطل کردیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے اسلام آباد میں غیر منقولہ جائیدادوں کے حال ہی میں نوٹیفائی شدہ ویلیوایشن ٹیبلز کو معطل کردیا ہے، گی تب ہم کیونکہ رئیل اسٹیٹ کے اسٹیک ہولڈرز نے کچھ علاقوں میں بڑھائی گئی قیمتوں پر اعتراضات اٹھائے تھے۔ یہ اقدام اس وقت سامنے آیا ہے جب ٹیکس حکام نے منصفانہ مارکیٹ ویلیوز کا دوبارہ جائزہ لینے کا فیصلہ کیا ہے، جبکہ (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 49)

ایکسپو سینٹر کتب میلے میں اسکول کی طالبات کتب کا معائنہ کر رہی ہیں

آئی ایم ایف سے رعایتیں لینے کے لیے وزارتوں سے تجاویز طلب کرلی گئیں

مشاورت ستمبر 2027 تک جاری آئی ایم ایف پروگرام کے دائرے میں ضروری معاشی ایڈجسٹمنٹس کے تناظر میں کی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے معاشی ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنے اور بجٹ میں حقیقت پسندی لانے کے لیے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے ممکنہ رعایتیں حاصل کرنے کی غرض سے تمام معاشی وزارتوں سے تجاویز طلب کرلی ہیں۔ سرکاری ذرائع (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 43)

سپارکو کی رجب کے چاند کی رویت سے متعلق پیش گوئی

اسلامی مہینے کے آغاز کے حتمی اعلان کی ذمہ دار پاکستان کی مرکزی رویت ہلال کمیٹی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) خلائی و بالائے فضائی تحقیقاتی کمیشن (سپارکو) نے رجب المرجب 1447 ہجری کے چاند کی ممکنہ رویت سے متعلق پیشگوئی کردی ہے۔ خلائی و بالائے فضائی تحقیقاتی کمیشن (سپارکو) نے اعلان کیا ہے کہ رجب المرجب 1447 ہجری کا نیا چاند 20 دسمبر 2025 کو پاکستان کے وقت کے مطابق 43:06 منٹ پر پیدا ہونے کا امکان ہے۔ اس طرح، 21 دسمبر 2025 کو غروب آفتاب کے وقت، چاند کی عمر تقریباً 35 گھنٹے اور 26 منٹ ہوگی۔ ملک (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 44)

رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوا

آٹوموبائل سیکٹر کی پیداوار میں سب سے زیادہ 79 فیصد اضافہ ہوا چار ماہ کے دوران سامان کی پیداوار 37.51 تک بڑھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں مالی سال 26-2025 کے پہلے چار ماہ (جولائی تا اکتوبر) کے دوران بڑی صنعتوں کی گروتھ 5.02 فیصد رہی ہے اور آٹوموبائل سیکٹر میں سب سے زیادہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق موجودہ مالی سال کے پہلے چار ماہ میں پاکستان کی بڑی صنعتوں کی کارکردگی میں بہتری آئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 45)

لسٹڈ کمپنیوں کی مالیاتی ایڈجسٹمنٹس اسٹاک مارکیٹ میں پھر مندی

54 فیصد حصص کی قیمتیں گر گئیں 40 ارب 95 کروڑ روپے ڈوب گئے، 556 پوائنٹس کی کمی سے انڈیکس 171404 پر آگیا

تولہ سونا 900 روپے سستا، انٹربینک میں ڈالر مزید ایک پیسے گھٹ گیا، اوپن مارکیٹ میں قدر بغیر کسی تبدیلی کے مستحکم رہی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بیشتر بڑے شعبوں کی نومبر میں برآمدات کم ہونے، 5 ماہ میں 37.78 ارب ڈالر کے تجارتی خسارے اور تقویمی سال کے اختتام پر لسٹڈ کمپنیوں کی مالیاتی ایڈجسٹمنٹس کے باعث پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں جمعے کو تیزی کا تسلسل برقرار نہ رہ سکا، اپ سائیڈ پرافٹ ٹیکنگ سے انڈیکس کی 1 لاکھ 72 ہزار پوائنٹس کی نئی بلند ترین کے استحکام کو مزاحمت کا سامنا رہا۔ مندی کے سبب 54 فیصد حصص کی قیمتیں گر گئیں جبکہ سرمایہ کاروں کے 40 ارب 95 کروڑ 02 لاکھ 99 ہزار 388 روپے ڈوب گئے۔ مثبت معاشی اشاریوں کے باعث کاروبار کا آغاز تیزی سے ہوا لیکن وقفے وقفے سے (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 47)

نارتھ ناظم آباد میں موٹر سائیکل سوار کو ٹکر مارنے والے ٹینکر کو پولیس اہلکار تھانے لے جا رہے ہیں

سندھ میں کپاس کی پیداوار پنجاب کے مقابلے میں حیران کن طور پر 16 فیصد زائد

15 دسمبر تک پنجاب میں 24 لاکھ 53 ہزار اور سندھ میں 28 لاکھ 48 ہزار گانٹھوں کی پیداوار ریکارڈ

زیر تبصرہ مدت میں ملک بھر کی جننگ فیکٹریوں میں مجموعی طور پر 53 لاکھ گانٹھوں کے مساوی کپاس پہنچی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل کمیٹی آن ایگریکلچر کی جانب سے کاٹن ایئر 26-2025 کیلئے پنجاب کیلئے 34 لاکھ 60 ہزار ایکڑ پر کپاس کی کاشت اور 55 لاکھ 53 ہزار روئی کی گانٹھوں کا پیداواری ہدف اور سندھ کیلئے 15 لاکھ 56 ہزار ایکڑ پر کپاس کی کاشت اور 40 لاکھ 40 ہزار گانٹھوں کا پیداواری ہدف مقرر کرنے کے باوجود 15 دسمبر تک پنجاب میں صرف 24 لاکھ 53 ہزار اور سندھ میں 28 لاکھ 48 ہزار گانٹھوں کی پیداوار ریکارڈ کی گئی ہے، یہ اعداد و شمار کاٹن سیکٹر کے لیے تشویش کا باعث بن گئے ہیں، سندھ کا پیداواری ہدف پنجاب کے مقابلے میں 37 فیصد کم ہونے کے باوجود سندھ میں کپاس (باقی صفحہ 03 ق بقیہ نمبر 46)

آرٹس کونسل میں سانحہ اے پی ایس کے شہداء کی یاد میں لڑکیاں دیے جلا رہی ہیں

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے'

جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس

اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں

اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں

info@tijaratnews.tv

0307-0610770

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا